وَنُنَزِّلُ مِنَ القرآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِين

سِتر الجمیل

فی ترجمہ

سِرّ الجلیل

فی خواص عملیات وتعویذات

حسبنا اللہ ونعم الوکیل

مصنفہ

شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ

ناشرین

ملک برادرز پبلشرز کارخانہ بازار، لائلپور فون ۴۳۷۵

قیمت ۳/ روپے

نام کتاب ــــــــــــ سرالجلیل

مصنف ــــــــــــ شیخ ابوالحسن شاذلی

مترجم ــــــــــــ عبدالصمد رضوی دہلوی

طابع وناشر ــــــــــــ ملک برادرز۔ کارخانہ بازار۔ لائل پور

کاتب ــــــــــــ محمد یوسف خوشنویس بحضرت کیلیانوالہ

مطبع ــــــــــــ

سن طباعت ــــــــــــ اپریل ۱۹۷۳ء

قیمت ــــــــــــ

دیباچہ از طرف مترجم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبَارَکًا اَبَدًا اَبَدًا وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ مُتَکَاثِرًا وَّمُتَوَالِیًا وَّسَرْمَدًا۔

امابعد خاکسار ازلی احقر عبدالصمد رضوی بن مولوی حافظ غلام محمد بن مولوی سید غلام رسول بن مولوی سید غلام رضا بن سید شاہ باقر علی قدس اللہ اسرارہم رضوی حنفی نقشبندی سروی ثم الدہلوی شائقانِ اعمال واوراد واذکار وطالبانِ اوفاق وتعویزات کی خدمات بابرکات میں بکمال عجز وانکسار کے عرض کرتا ہے کہ اس عاصی پرمعاصی ہیچ کارہ نے حسبِ فرمائش واصرار برادرِ عزیز وافر تمیز ذی شان اقبال نشان جامع الکمالات ذکی الاوحد مولوی حافظ عبدالاحد صاحب رضوی سلمہ اللہ تعالیٰ مالک مطبع مجتبائی دہلی کے رسالہ سِرُّ الجلیل منسوب بعلامہ عصر واقفِ اسرار خفی وجلی حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ ترجمہ مطلب خیز کارآمد باضافہ حواشی مفیدہ بسعی تمام پورا کیا اور اس کا نام سِترُالجمیل ترجمہ سِرُّالجلیل فی خواص حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل رکھا اور اسکے آخر میں ایک ضمیمہ متضمن بائیس فوائد اعمال معمولہ ومجربہ ملحق کرکے اس کا نام مَعْمُوْلَاتِ صَمَدِیَّہ رکھا اور ہدیۂ ناظرین اربابِ بصیرت وخبرت کیا۔ خداوند کریم سے یہ التجا ہے کہ اس کو مقبولِ خلائق فرما کر اس کی برکت سے اس ہیچمیرز کا بھی خاتمہ بالخیر اپنے حبیب پاک کے طفیل سے فرمادے۔ اٰمِیْن ثُمَّ اٰمِیْن یَارَبَّ الْعَالَمِیْن۔ رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝

چونکہ اصل نسخہ عربی اکثر جگہ غلط اور مسخ تھا، علی الخصوص اوفاق وتعویذات تو از سرتاپا غلط خلاف رفتار وخلاف اصول کے درج تھے لہٰذا اُن سب کی درستی واصلاح کماینبغی بمحنت تمام بعنوان شائستہ عمل میں آئی وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ مَاٰبِ ۝

مُقَدَّمَہ

حضرت شیخ ابوالحسن شاذلیؒ نے اپنی کتاب فوائد قرآنیہ میں لکھا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ جب تم کو کوئی مشکل کام پیش آیا کرے تو حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھا کرو۔ اور عبداللہ بن بریدہؓ نے اپنے باپ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص یہ دس کلمات صبح کی نماز کے بعد ہمیشہ ورد رکھے اُس کی دس حاجتیں روا ہوں پانچ دنیا اور پانچ آخرت کی اور خدا اس سے راضی ہو۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِدِيْنِيْ[1]۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَا اَهَمَّنِيْ۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ بَغٰى عَلَيَّ۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ حَسَدَنِيْ۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ كَادَنِيْ بِسُوْءٍ۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَسْئَلَةِ فِي الْقَبْرِ۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمِيْزَانِ۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الصِّرَاطِ۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ۔ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ[2]۔ اور دوسری روایت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ سے یہ ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص تین مرتبہ صبح اور تین مرتبہ شام حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھا کرے ہمیشہ امن میں رہے اور جملہ مہمات اس کے کفایت ہوں۔

اور حذیفہ بن یمان سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بندہ سات بار حَسْبِيَ اللّٰهُ کہتا ہے تو خداوند کریم ارشاد فرماتا ہے بیشک میں اس کی کفایت کروں خواہ بندہ خشوعِ دل سے کہے یا بلا خشوع واضح ہو کہ اس آیۂ شریفہ میں بہت کچھ اسرار ہیں اور فضائل و خواص بیشمار سوائے خداوند کریم کے کوئی شخص اس کی پوری حقیقت کماہی پر حاوی نہیں ہو سکتا خیر و شر کے باب میں اس کو مدخل عظیم ہے۔ گویا ہر ایک امر کے واسطے یہ ایک سیف برہنہ ہے۔

---

[1] میرے معمولات میں یہ ایک فقرہ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِدُنْيَايَ زائد ہے ۱۲ مترجم۔ [2] میرے معمولات میں یہاں پر بھی اس قدر وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ زائد ہے ۱۲ مترجم؛

پہلا باب

آیہ شریفہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کے خواص ہیں

جو شخص چاہے کہ اللہ تعالیٰ اُس کے تمام کاموں میں وکیل اور کفیل ہو اور تمام مخلوق کے شر سے اُس کو بچاوے اور اپنی مدد سے اس کی تائید کرے اور بندوں کے دلوں میں اس کی محبت ڈالے اور اپنے فضل وکرم سے اس کو امیر بنادے تو اس کو چاہیئے کہ رات دن میں حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ موافق اس کے اعداد کے یعنی چار سو پچاس ۴۵۰ مرتبہ پڑھا کرے۔

جو شخص رات دن میں موافق تعداد مذکور کے آیہ مذکورہ پڑھ کر آیۂ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰہِ وَفَضْلٍ لَّمْ یَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ بھی چھ مرتبہ پڑھے اور ساتویں دفعہ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰہِ وَاللّٰہُ ذُوْفَضْلٍ عَظِیْمٍ کہے تو وہ شخص اللہ جل شانہٗ کی مضبوط حفاظت میں رہے گا اور اُس کی اُن امانتوں میں سے ہوگا کہ جو ضائع نہیں ہوتیں اور اپنی حرکات و سکنات میں مورد الطاف رحمانی ہوگا اور باذن اللہ تعالیٰ تمام موذیات سے محفوظ رہے گا۔ پس مداومت کر حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کے پڑھنے پر موافق تعداد مذکور کے وہ ضرور اپنی مراد کو پہنچے گا اور اُن لوگوں کے ہمراہ ہوگا کہ جن کو قیامت کے دن نہ کچھ خوف ہے اور نہ غم۔

اور جب تو حل مشکلات کا ارادہ کرے تو بعد قرأت آیۂ مذکورہ و تعداد مذکورہ کے یَا عَزِیْزُ یَا کَافِیُ یَا قَوِیُّ یَا لَطِیْفُ بھی چار سو پچاس ۴۵۰ مرتبہ پڑھے۔ اس میں ایک خاص بھید ہے جس نے کہ اس عمل پر اس ڈھنگ سے مداومت کی گویا اُس نے حاصل کیا ظفر دشمنوں پر اور سُرخروئی اور عزت تمام جہان میں۔

طریقہ اِس کے پڑھنے کا یہ ہے کہ پوری بِسْمِ اللّٰہِ کے بعد اَلَّذِیْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِیْمَانًا وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰہِ وَفَضْلٍ لَّمْ یَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰہِ وَاللّٰہُ ذُوْفَضْلٍ عَظِیْمٍ پڑھے پھر حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پچاس مرتبہ پڑھے پھر اس سے فارغ ہوتے پر یہ آیہ وَاِنْ یُّرِیْدُوْٓا اَنْ یَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰہُ هُوَ الَّذِیْٓ اَیَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰہَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ۞ یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ حَسْبُكَ اللّٰہُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ۞ کو تین ۳ بار پڑھے پس ہر صدی پر آیہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھ کر اس آیہ کو تین ۳ دفعہ پڑھتا رہے جو شخص اس کیفیت کے ساتھ صبح وشام

مداومت کرتا رہے گا وہ حاصل کرے گا اپنی تمنّا کو اور اپنی مراد کو پہنچے گا دُنیا اور آخرت میں اور اللہ اس کا کفیل ہوگا۔
اور جو شخص اُمراء، وزراء اور سرداروں کا تقرّب چاہے وہ اِسی طرح حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کے پڑھنے پر مداومت کرے دو دو یا تین تین دفعہ دن کو اور رات کو بلکہ اگر رات ہی کو کرے۔ تو اور بھی اچھا ہے مطلب برآری جلد ہوگی اور بہت عرصہ نہ گزرے گا کہ اپنے مقصود پر پہنچ جاوے گا۔
اور جب اس جدول کو بھی ورق کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو مطلب برآری کے واسطے نہایت ہی بہتر ہے۔

جدول مبارک

وَاِنْ	يُّرِيْدُوْا	اَنْ	يَّخْدَعُوْكَ	فَاِنَّ	حَسْبَكَ	اللّٰهُ
يُّرِيْدُوْا	اَنْ	يَّخْدَعُوْكَ	فَاِنَّ	حَسْبَكَ	اللّٰهُ	وَاِنْ
اَنْ	يَّخْدَعُوْكَ	فَاِنَّ	حَسْبَكَ	اللّٰهُ	وَاِنْ	يُّرِيْدُوْا
يَّخْدَعُوْكَ	فَاِنَّ	حَسْبَكَ	اللّٰهُ	وَاِنْ	يُّرِيْدُوْا	اَنْ
فَاِنَّ	حَسْبَكَ	اللّٰهُ	وَاِنْ	يُّرِيْدُوْا	اَنْ	يَّخْدَعُوْكَ
حَسْبَكَ	اللّٰهُ	وَاِنْ	يُّرِيْدُوْا	اَنْ	يَّخْدَعُوْكَ	فَاِنَّ
اللّٰهُ	وَاِنْ	يُّرِيْدُوْا	اَنْ	يَّخْدَعُوْكَ	فَاِنَّ	حَسْبَكَ

اور جو شخص عزّت دائمی حاصل کرنے اور کفایت مہمات اور شر اور سختیوں سے بچنے کا ارادہ کرے تو اس کو چاہیے کہ تجدید وضو کر کے دو رکعت نماز نفل ادا کرے پھر پوری بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ چار سو پچاس مرتبہ پڑھے پھر اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ چار سو پچاس دفعہ اور اسی قدر درود شریف پھر اسی قدر یَا عَزِیْزُ ۔ یَا کَافِیُ ۔ یَا قَوِیُّ ۔ یَا لَطِیْفُ ۔ پڑھے اور ہر صدی کے بعد تین دفعہ یہ کہتا رہے یَا عَزِیْزُ اَعِزَّنِیْ یَا کَافِیُ اَکْفِنِیْ یَا قَوِیُّ قَوِّنِیْ یَا لَطِیْفُ اُلْطُفْ لِیْ فِیْ اُمُوْرِیْ کُلِّهَا وَالْطُفْ بِیْ فِیْ اُمُوْرِیْ اور اپنی حاجت کو یاد کر کے دُعا مانگے۔
اور جو شخص چاہے کہ دستِ غیب کا عمل آجائے تو ہر رات چار ہزار پانسو مرتبہ آیۂ شریفہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھے پھر بعد اس کو ان اسماء کو جن کا ذکر آگے آتا ہے تین سو تیرہ مرتبہ پڑھے اس عمل کو برابر کرتا رہے یہاں تک کہ اس کو فتوح شروع ہو جائے اور جس شخص نے اللہ پاک کا دروازہ پکڑا وہ ہرگز محروم نہیں رہتا وہ اسماء یہ ہیں اَللّٰهُمَّ

یَا کَافِیُ اِکْفِنِیْ نَوَآئِبَ الدُّنْیَا وَمَصَائِبَ الدَّهْرِ وَذُلَّ الْفَقْرِ اَللّٰهُمَّ یَا غَنِیُّ اَغْنِنَا بِغِنَائِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَبِجُوْدِكَ وَفَضْلِكَ عَنْ خَلْقِكَ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ دَعَوْنَاكَ كَمَا اَمَرْتَنَا فَاسْتَجِبْ مِنَّا كَمَا وَعَدْتَنَا ۔ اَللّٰهُمَّ یَا مُغْنِیُ اَسْئَلُكَ غِنَاءَ الدَّهْرِ اِلَی الْاَبَدِ اَللّٰهُمَّ یَا فَتَّاحُ اِفْتَحْ لِیْ بَابَ رَحْمَتِكَ وَاَسْبِلْ عَلَیَّ سِتْرَ عِنَایَتِكَ وَسَخِّرْ لِیْ خَادِمَ هٰذِهِ الْاٰیَةِ بِشَیْءٍ اَسْتَعِیْنُ بِهٖ عَلٰی مَعَائِشِ اَمْرِ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاٰخِرَتِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ وَسَخِّرْهُ لِیْ كَمَا سَخَّرْتَ الرِّیْحَ وَالْاِنْسَ وَالْجِنَّ وَالْوَحْشَ وَالطَّیْرَ لِنَبِیِّكَ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَبَاهِیَا اَشْرَاهِیَا اَذُوْنَایُ اَصْبَاؤُتِ اٰلِ شَدَّایُ یَا مَنْ اَمْرُهٗ بَیْنَ الْكَافِ وَالنُّوْنِ اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ۝ فَسُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ اور جب خالص نیّت سے عمل کیا جائے گا تو ان اسماء کے خادم عامل کے واسطے پورا نفقہ لائیں گے اور اکثر پاوے گا نفقہ ہر صبح کو اپنے سرہانے اور یہ تین اوفاق بھی جلد مطلب پورا ہونے اور مراد پہنچنے کے واسطے سبز کپڑے میں لکھ کر ہمراہ رکھے جاویں۔

۱

ك	ا	ف	ی
ی	ف	ا	ك
ا	ك	ف	ی
ف	ی	ك	ا

۲

ف	ت	ا	ح
ح	ا	ت	ف
ت	ف	ح	ا
ا	ح	ف	ت

۳

ن	غ	ی
ی	ن	غ
غ	ی	ن

اور جو شخص ہر ایک اسم کو موافق اس کے اعداد کے پڑھے جو کچھ اللہ کریم سے سوال کرے پاوے خصوصًا وہ چیز جو امر معاش کے متعلق ہو کیونکہ معاش کی فکر سخت بلا ہے۔ مثلاً پہلے آیۂ شریفہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ سے فارغ ہو کر یَا كَافِیُ ایک سو گیارہ۱۱۱ دفعہ پڑھے پھر کہے یَا كَافِیُ اِكْفِنِیْ نَوَائِبَ الدُّنْیَا وَمَصَائِبَ الدَّهْرِ وَذُلِّ الْفَقْرِ موافق اسی تعداد کے پھر یَا غَنِیُّ ایک ہزار ساٹھ۱۰۶۰ مرتبہ پڑھ کر اسی قدر اس دعاء کو پڑھے اَغْنِنِیْ بِغِنَاكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَبِجُوْدِكَ وَفَضْلِكَ عَنْ خَلْقِكَ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ دَعَوْنَاكَ كَمَا اَمَرْتَنَا فَاسْتَجِبْ لَنَا كَمَا وَعَدْتَنَا پھر کہے یَا فَتَّاحُ اِفْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَاَسْبِلْ عَلَیَّ سِتْرَ عِنَایَتِكَ وَسَخِّرْ لِیْ خَادِمَ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ بِشَیْءٍ اَسْتَعِیْنُ بِهٖ عَلٰی مَعَائِشِ اَمْرِ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاٰخِرَتِیْ وَعَاقِبَةِ

اَمْرِیْ وَسَخِّرْہُ لِیْ کَمَا سَخَّرْتَ الرِّیْحَ وَالْاِنْسَ وَالْجِنَّ وَالْوَحْشَ وَالطَّیْرَ لِنَبِیِّکَ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاؤُدَ عَلَیْھِمَا السَّلَامُ وَبَاھِیًا اَشْرَاھِیًا اَذُوْنَایَ اَصْبَاؤُتِ اٰلِ شُدَّایِ یَا اَمْرَہٗ مِنْ بَیْنِ الْکَافِ وَالنُّوْنِ اِنَّمَا اَمْرُہٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ فَسُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ

اور جو شخص آیۂ شریفہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ موافق اس کے اعداد حروف کے ہر نماز کے بعد پڑھے پھر اُن اسماء کو جن کا ذکر پہلے آیا موافق اِن کے اعداد حروف کے پڑھے پھر ہر اسم کے ذکر کے بعد جو دُعا اُس اسم کے مناسب ہو پڑھے مثلاً یَا کَافِیُ کے بعد کہے اَللّٰھُمَّ یَا کَافِیُ اِکْفِنِیْ اِلٰی اٰخِرِہٖ اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ آخر تک اَللّٰھُمَّ یَا مُغْنِیُ آخر تک اَللّٰھُمَّ یَا فَتَّاحُ آخر تک یہ دُعائیں اِن اسماء کو ان تعداد کے موافق پڑھ کر سات دفعہ پڑھے جو شخص اس پر مداومت کرے اس کے کام پُورے اور مہیا ہو جائیں گے اور ایسی سہولت ہوگی کہ دنیاداروں میں سے کسی کا محتاج نہ ہوگا اور اگر تو چاہے تسخیر خلائق و رجوع عالم تو یہ آیۂ مذکورہ موافق تعداد مذکور کے ہر نماز کے بعد پڑھ پھر وہ دعا جو آگے آوے گی یعنی دعائے تسخیر وہ تین۳ دفعہ پڑھ اور صبح کے وقت آیۂ شریفہ نو سَو دفعہ اور دُعا تین۳ دفعہ پڑھ عجیب حال مشاہدہ کرے گا۔

اور جو شخص سات دن روزہ رکھے اور ہر ذی رُوح[1] اور جو ذی رُوح سے نکلے پرہیز کرے اور خوشبو لگائے۔ اور پڑھنے کے وقت نماز کے اوقات میں خوشبو[2] دار چیزوں کی دُھونی دے اور آیۂ شریفہ کو ہر نماز کے بعد ایک[3] ہزار اور تین سَو پچاس دفعہ پڑھے پھر دُعا کو تین دفعہ پڑھے اور کثرت سے درود شریف و استغفار پڑھے تو اس وقت وہم اور وحشت اور خیالات فاسد سب دُور ہو جاویں گے اور ساتویں دن اس آیۂ شریفہ کا خادم بادشاہ دنیا کی صورت میں حاضر ہو کر پہلے سلام کرے گا پس عامل کو چاہیے کہ اُس کی تعظیم کرے اور سیدھا کھڑا ہو کر ادب سے سلام کا جواب دے اور کہے کہ خداتعالیٰ تمھاری دُعا کو قبول کرے جیسا کہ تم نے میرے بلانے کو قبول کیا اور میں آپ سے چاہتا ہوں کہ آپ اپنے لشکر سے کسی کو حکم دیں کہ میرے حکم کی تعمیل کرے اور دنیا و آخرت کی ضرورتوں میں میری امداد کرے اور میں آپ سے عہد کرتا ہوں کہ جو کچھ وصول ہوگا میں اس کو گناہ میں خرچ نہ کروں گا خدا اور رسول کی فرمانبرداری میں خرچ کروں گا۔ جب خداتعالیٰ تجھ کو ثابت قدم رکھے تو یہ کہہ دے پھر وہ مؤکل تیری طرف نہایت خوشی اور بشاشت سے متوجہ ہوگا اور مرحبا کہے گا اس آیۂ شریفہ کی تلاوت کی طرف ہر وقت رغبت دلائے گا۔ پیر اور جمعرات کے دن روزہ رکھنے کا حکم دے گا اور تجھ کو منع کرے گا اُن کاموں سے کہ جن سے منع فرمایا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ خداتعالیٰ کی فرمانبرداری کا حکم دے گا اور مخلوق پر شفقت اور مساکین پر نرمی اور محتاجوں پر خرچ کرنے اور مظلوموں کی دستگیری کرنے کو کہے گا اگر

[1] مثل گوشت و مچھلی و انڈا و شہد و مشک و چونہ وغیرہ ہر اقسام کے ۱۲ [2] مثل چربی و روغن و دودھ و دہی وغیرہ ہر اقسام کے ۱۲ [3] مثل عود، عنبر، لوبان وغیرہ ۱۲

عامل نے یہ سب قبول کرلیا تو وہ مؤکل اُسے تلوار دے گا جس کے چمکتے نور سے وہ جگہ روشن ہوجاوے گی اس پر ایک سطر لکھی ہوگی۔ مؤکل سے سوال کرنا چاہیئے کہ وہ پڑھے اور بتلاوے چنانچہ وہ بتلاوے گا وہ ایک[1] پاس دنیا کی سختیوں کے واسطے موجود رہے گی۔ نہ نکالے اس کو مگر تنگی اور شدت کے وقت میں اور سفید انگشتری دے گا جو مشک سے زیادہ خوشبو والی اور بغیر روشنی کے روشن ہوجاوے گی اور اس پر خطوط کھنچے ہوں گے موکل سے اُس کے پڑھنے کا بھی سوال کرے کہ اس میں کیا خواص اور منافع ہیں جب یہ حاصل ہوجائے تو اس کو سبز ریشم کے ٹکڑے میں رکھے بلند جگہ پر جہاں ہر ایک کا ہاتھ نہ پہنچ سکے جب کسی بادشاہ یا وزیر یا اہلِ دولت کے پاس جائے گا تو وہ لوگ فوراً اس کو دیکھ کر مدہوشانہ تعظیم سے کھڑے ہوجائیں گے جو ضرورت ہوگی اس کو خود دریافت کریں گے مگر عامل کو لازم ہے کہ بے ضرورت اس کو نہ پہنے اور تقویٰ و طہارت کاملہ کے ساتھ ہمیشہ استغفار و درود شریف پر بھی مواظبت کرے اور رات دن میں اس وظیفہ کو برابر پڑھتا رہے پس اگر اس نے اس پر ہمیشگی کی تو جو ارادہ کرے گا وہ پورا ہوگا بلکہ سعادت کا دروازہ کھلے گا اور خوارق عادات متصل شروع ہوں گی اور اُن لوگوں میں ہوجائے گا کہ جن کی نسبت وارد ہوا ہے لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰی وَزِیَادَۃٌ[1] ۔ الخ

دوسرا باب

آیۃ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کے چمکتے ہوئے عجیب و غریب خواص کے بیان میں

جان اے بھائی توفیق دے تجھ کو اللہ تعالیٰ اپنی رضامندی کی اور سمجھ دے اس کی کہ جو میں نے تجھ کو بتایا ہے تاکہ تو اس میں تصرف کرے پس منجملہ ان کے دشمنوں کی آگ کو بجھانا ہے اگر تو ان کو سزا دینے اور بیمار کردینے کا ارادہ کرے کہ اُن کی جماعت متفرق ہوجاوے بلائیں اور مصیبتیں اُن پر نازل ہوں اور بسا اوقات اُن کی اصل جڑ بھی کٹ جائے اور وہ وجود سے معدوم ہوجائیں تو تین دن روزے رکھ منگل کے دن سے شروع کر رات کے وقت لوگوں کے سوجانے کے بعد اٹھ اور تجدید وضو کرکے خالصاً دو رکعت نماز ادا کر پہلی رکعت میں الحمد اور آیۃ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ چار سو پچاس[450] دفعہ پڑھ پھر دوسری رکعت بھی اسی طرح ادا کر اور سلام پھیر کر

---

[1] پوری آیت با معنی یوں ہے لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰی وَزِیَادَۃٌ وَلَا یَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۔ یعنی جن لوگوں نے بھلائی کی انکو ہے بھلائی اور بڑھتی اور نہ چڑھے گی ان کے منہ پر سیاہی اور نہ رسوائی۔ وہ لوگ ہیں جنت والے کہ انہیں وہ ہمیشہ رہیں گے ۱۲ مترجم۔

اس طرح بیٹھ جیسے ذلیل بندہ مولا بزرگ کے سامنے بیٹھتا ہے اور پڑھ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ چار سَو
پچاس دفعہ پھر اس آیت کو تین دفعہ پڑھ یُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوسِهِمُ الْحَمِيمُ يُصْهَرُ بِهِ مَا فِي بُطُونِهِمْ
وَالْجُلُودُ وَلَهُمْ مَقَامِعُ مِنْ حَدِيدٍ كُلَّمَا أَرَادُوا أَنْ يَخْرُجُوا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ أُعِيدُوا فِيهَا وَذُوقُوا
عَذَابَ الْحَرِيقِ ۝ فَأَخَذَتْهُمْ صَاعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُونِ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝ كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا
يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ بَلَاغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ ۝ اور سورۂ
الم ترکیف آخر تک۔ پھر دو رکعت اسی طرح پڑھ جیسے پہلے وقت شروع عمل پڑھی ہیں۔ اور سلام پھیر کر
اسی طرح بیٹھ جیسے پہلے بیٹھا تھا اور آیہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ کو اسی قدر تعداد سے پڑھ پھر ان آیات مذکورہ
کو تین دفعہ تلاوت کر اس کے بعد پھر از سر نو عمل کر یعنی دو رکعت نماز بدستور سابق اور آیہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ
الْوَكِيلُ موافق تعداد معلوم اور دیگر آیات تین دفعہ پڑھ پھر وہ دعا مانگ تین دفعہ جس کا ذکر آگے آوے گا انشاءاللہ
تعالیٰ۔ پس ہر رات یہ عمل کر اور منتظر رہ کہ دشمنوں پر تکلیف اور عذاب نازل ہونے والا ہے وہ جلد متفرق
ہونے والے ہیں بلکہ بسا اوقات ہمیشہ کو معدوم ہونے والے۔

۵ جو شخص اُن جابروں اور ظالموں کی جڑ کاٹنی چاہے کہ جو گمراہ اور مفسد ہیں تو نصف شب میں دو رکعتیں
پڑھے۔ اوّل رکعت میں الحمد ایک مرتبہ اور یہ آیہ نو سَو پچاس دفعہ اسی طرح دوسری رکعت پڑھے پھر سلام پھیر
کر اسی آیۂ شریفہ کو چار سَو پچاس دفعہ پڑھے پھر وہ دُعا تین دفعہ پڑھے پھر نماز شروع کر کے دو رکعتیں اور اسی طرح
ادا کرے اور سلام پھیر کر آیۂ شریفہ چار سو پچاس دفعہ پڑھے اور دُعا تین دفعہ پھر تیسری دفعہ اسی طرح دو رکعت
پڑھے اور آیۂ شریفہ نو سو پچاس دفعہ پڑھے پھر سلام پھیر کر اس آیہ کو چار سَو پچاس دفعہ اور دُعا تین دفعہ پڑھے فارغ
ہو کر ظالم پر بد دُعا کرے چند روز نہ گذریں گے کہ دشمنوں پر عذاب نازل ہوگا اور اُن کا نشان باقی نہ رہے گا ساتھ
مدد الٰہی اور اس کی قوت کے۔ پڑھنے کے وقت مطلوب کا تصوّر اپنی آنکھوں کے سامنے رکھے جو ارادہ کرے اس
کی نیّت دل میں رکھے اگر ہلاک کرنے کا ارادہ ہو تو ہلاکت کی نیّت رکھے بشرطیکہ وہ اس سزا کے لائق ہو۔ ورنہ
اس سے ہلکی سزا کی نیّت کرے اور اس طرح تصوّر کرے گویا اس آیۂ شریفہ سے اس طرح مارتا ہے جیسے تلوار سے
باغیوں کو حملے کے وقت مارتے ہیں[1]۔

---

[1] جب تک کہ دشمن ایسی سزائے سخت کا سزاوار نہ ہو تو ہرگز ایسے عمل کا اقدام نہ کرے ورنہ خود عامل اس کا سزاوار ہو جاوے گا پس احتیاط بہت
ضروری ہے ۱۲ مترجم

فائدہ ۔ جب تو چاہے کہ ظالم پر کسی قسم کا عذاب مسلّط کر دے تو انتظار کر جب ہفتہ کا دن ہو آفتاب نکلنے سے پہلے فرض نماز کے بعد اس آیۂ شریفہ یعنی حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کو ہزار مرتبہ ایسے مکان میں پڑھ جو لوگوں سے خالی ہو پھر آیہ سے فارغ ہونے پر ستّر دفعہ یہ پڑھ قُلْ يَآ اَهْلَ الْكِتَابِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فَاسِقُوْنَ ۝ قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ خُذْ وَاَلْكِدْ اَوْكِدْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ بِكُمْ اَجِيْبُوْا بِالَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نُّوْرِهٖ وَاَسْكَنَكُمْ فِيْ سَمَآئِهٖ وَاَدْنَاكُمْ مِّنْ حِجَابِهٖ وَقَرَّبَكُمْ مِّنْ عَرْشِهٖ وَمَلَّكَكُمْ بِنُوْرٍ مُّشَعْشَعٍ سَاطِعٍ لَامِعٍ تَخْطَفُ بِهِ الْاَبْصَارُ وَجَعَلَ بِاَيْدِيْكُمْ حِرَابًا مِّنْ نَّارِ الْمَقْبُوْطِ بِحَيْكُمْ عَلَيْكُمْ بِالْكَلِمَاتِ الْمُقَدَّسَاتِ يَاخُذُ اَمْ هٰذِهِ الْاَسْمَآءُ وَالْاٰيَاتِ الشَّرِيْفَةِ اِفْعَلُوْا مَعَ فُلَانٍ[1] بْنِ فُلَانَةَ عَلٰى اَيِّ نَوْعٍ[2] تُرِيْدُوْا فَاِنَّهٗ يَكُوْنُ ذٰلِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى ۔ ۱۲

فائدہ ۔ جس نے پڑھا اس آیۂ شریفہ کو اس غریب مثال اور عجیب اسلوب سے ظالم پر ضرور اسی وقت وہ مبتلا ہوگا لیکن عامل کو چاہیئے کہ ظالم کے ظلم سے اللہ تعالیٰ کی طرف پناہ لے جائے ایک دفعہ دو دفعہ تین دفعہ اور کہے میں بھاگتا ہوں تیرے ظلم سے اللہ کی پناہ میں اگر ظلم سے خلاصی نہ پاوے تو کھینچے تلوار اُن کاٹنے والی تلواروں میں سے اور کرے اُس کے ساتھ وہ کام جو بہادر سپاہی کرتے ہیں اور اس پر شہاب ثاقب کا نشانہ لگا دے بشرطیکہ وہ ظالم اس کا مستحق ہو ورنہ تجھ کو انجام سے خوف کرنا چاہیئے کیونکہ اللہ پاک اپنی مخلوق کی نسبت غیرت رکھتا ہے ۔ اور جس شخص کو یہ بھید ربّانی ملے وہ اس سے پرہیز کرے کہ جو مستحق ہو اُسی کو نقصان پہنچاوے کیونکہ دُعا سے قتل کرنا تلوار سے قتل کرنے کے مترادف ہے اور معاف کرنا تقوے سے زیادہ نزدیک ہے اور کیفیّت عمل کی مثال متقدم میں یہ ہے کہ تو آدھی رات کو اُٹھے جیسا کہ پہلے مذکور ہُوا۔ اور دو رکعت نماز اس طرح ادا کرلے کہ اوّل رکعت میں الحمد اور آیہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ڈیڑھ ۱۵۰ سو دفعہ اسی طرح دوسری رکعت پڑھے پھر سلام پھیر کر ڈیڑھ ۱۵۰ سو دفعہ پڑھے اور اس آیہ کو تین ۳ دفعہ پڑھے يُصَبُّ مِنْ

[1] عامل اس لفظ کے پڑھتے وقت اس ظالم کے واسطے جو عذاب مناسب جانے اس کی نیّت کرے ۱۲ مترجم

[2] اس جگہ عامل ظالم اور اس کی ماں کا نام لے ۱۲ مترجم

فَوْقِ رُؤُسِهِمُ الْحَمِیْمُ یُصْهَرُ بِهٖ مَا فِیْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ وَلَهُمْ مَقَامِعُ مِنْ حَدِیْدٍ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ یَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِیْدُوْا فِیْهَا وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِیْقِ ۔ فَاَخَذَتْهُمْ صَاعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ كَاَنَّهُمْ یَوْمَ یَرَوْنَ مَا یُوْعَدُوْنَ لَمْ یَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ ۔ فَهَلْ یُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ۔ اور سورۂ الم ترکیف آخر تک ۔

پہلا طریقہ :

تعداد قرأۃ نماز اور بعد نماز کے ایک سو پچاس[۱۵۰] مرتبہ موافق تعداد کلمہ سلطان[۱۵۰] کے ۔

دوسرا طریقہ :

جب صبح کی نماز پڑھ چکے جماعت کے ساتھ نماز سے فارغ ہو کر اس آیۂ شریفہ کو ایک سو پچاس[۱۵۰] دفعہ پڑھے موافق تعداد کلمہ سیقت[۱۵۰] کے یہ پہلی تعداد کے موافق ہے اس کے بعد ان آیتوں کو تین[۳] تین دفعہ پڑھے ۔ وَتَرَی الْمُجْرِمِیْنَ یَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِیْنَ فِی الْاَصْفَادِ سَرَابِیْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ وَّتَغْشٰی وُجُوْهَهُمُ النَّارُ اَللّٰهُمَّ اَغْشِ عَلٰی كَذَا[۱] كَذَا النَّارُ فِیْ قَلْبِهٖ وَسَائِرِ بَدَنِهٖ لِیَجْزِیَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ اِنَّ اللّٰهَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ ۔ فَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِیَابٌ مِّنْ نَّارٍ كَذٰلِكَ قُطِّعَتْ لِكَذَا[۲] ثِیَابٌ مِّنْ نَّارٍ ۔

تیسرا طریقہ :

جب زوال کا وقت ہو اور تو نماز ظہر جماعت سے ادا کرے پس بیٹھ خلوت کی جگہ اور اس آیۂ شریفہ کو ایک کم تین سو[۲۹۹] دفعہ پڑھ یہ اعداد کلمہ سیف[۲۹۹] ماحق کے ہیں پھر ان آیتوں کو بطور دعا تین[۳] دفعہ پڑھ ۔ یَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِیْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ وَاللّٰهُ مُحِیْطٌۢ بِالْكٰفِرِیْنَ ۔ یَكَادُ الْبَرْقُ یَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِیْهِ ۔ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَیْهِمْ قَامُوْا وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔ اِذِ الْاَغْلٰلُ فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ یُسْحَبُوْنَ فِی الْحَمِیْمِ ثُمَّ فِی النَّارِ یُسْجَرُوْنَ ۔

چوتھا طریقہ :

جب عصر کا وقت ہو نماز عصر پڑھ کر تین سو چھبیس[۳۲۶] دفعہ موافق تعداد سیف مسلول[۳۲۶]

---

[۱] اس جگہ ظالم پر تصور کرے کہ ظالم کے دل اور بدن میں آگ بھڑک رہی ہے ۱۲ مترجم ۔

[۲] اس جگہ ظالم پر تصور کرے کہ ظالم کو لباس آگ کا پہنایا گیا ۱۲ مترجم

کے اس آیت کو پڑھے اوران آیات کو تین دفعہ پڑھے لَهُم مِّن جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَمِن فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ۚ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِينَ ۔ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَجَعَلْنَاهَا رُجُومًا لِّلشَّيَاطِينِ ۖ وَأَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيرِ ۔ وَلِلَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۔

پانچواں طریقہ:

مغرب کی نماز پڑھ کر اس آیت کو چھ سو اکیاسی[681] دفعہ موافق تعداد کلمہ سیف قاتل[681] کے پڑھے پھران آیات کو تین[3] دفعہ پڑھے نَارًا أَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۚ وَإِن يَسْتَغِيثُوا يُغَاثُوا بِمَاءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوهَ ۚ بِئْسَ الشَّرَابُ وَسَاءَتْ مُرْتَفَقًا ۔ أَنذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً مِّثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ ۔ مَا تَذَرُ مِن شَيْءٍ أَتَتْ عَلَيْهِ إِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيمِ ۔

چھٹا طریقہ

667 ہونگے در

جب عشاء کا وقت ہو نماز باجماعت ادا کرکے آیۃ شریفہ کو موافق تعداد سیف معتمد[1] کے چھ سو چونسٹھ[664] دفعہ پڑھے پھران آیات کو تین[3] دفعہ پڑھے وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌ بِالْكَافِرِينَ ۔ إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۔ مَّا لَهُ مِن دَافِعٍ ۔

سیف معتمد کے اعداد = 667
سیف مشکوک کے اعداد = 536

ساتواں طریقہ:

جب ثلث اوّل رات کا گزرے تو اٹھ کر ازسرِنو وضو کرے اور چھ رکعت ادا کرے اوّل رکعت میں سورۂ الحمد ایک دفعہ اور یہ آیۂ شریفہ سات سو ترپن[753] دفعہ موافق تعداد سیف باتر کے پھر آیتوں کو تین[3] دفعہ پڑھے اور کہے بِسْمِ اللّٰهِ اللّٰهُ أَكْبَرُ تین[3] دفعہ اور احترق کذا وکذا[2] بنارِ اللّٰهِ الْمُوقَدَةِ الَّتِي تَطَّلِعُ عَلَى الْأَفْئِدَةِ ۔ وَكُنتُمْ عَلَىٰ شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ ۔ وَالْعَذَابِ الْأَلِيمِ ۔ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّن نَّارٍ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنتَصِرَانِ ۔ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ فِي جَهَنَّمَ خَالِدُونَ ۔ تَلْفَحُ وُجُوهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيهَا كَالِحُونَ ۔ يَوْمَ يَغْشَاهُمُ الْعَذَابُ مِن فَوْقِهِمْ وَمِن تَحْتِ أَرْجُلِهِمْ وَيَقُولُ ذُوقُوا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۔ وَيُقْذَفُونَ مِن كُلِّ جَانِبٍ دُحُورًا ۔ اَللّٰهُمَّ اقذف کذا وکذا[3] من کل جانب دحورا

---

[1] اصل رسالہ میں سیف کے بعد لفظ مشکوک لکھا ہے لیکن غالباً معتمد کے سوا دوسرا اور کوئی لفظ اس جگہ چسپاں نہیں ہے ۱۲

[2] یعنی جل گیا فلاں شخص جس کی نسبت عمل کیا ہو ۱۲ مترجم

[3] اس جگہ اس کے واسطے عذاب اور ذلت کی نیت کرے جس کے واسطے عمل پڑھتا ہے ۱۲ مترجم

وَلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۙ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۞ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ
اِذَا اَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ۞ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ وَمَا كَانَ لَهُمْ
مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ۞ اور جو پہلے دو رکعتوں میں عمل کیا وہی باقی رکعات میں عمل کر پھر آیۂ شریفہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ
الْوَكِيْلُ اور تینوں آیتوں سے فارغ ہوکر وہ دعا جس کا وعدہ کئی جگہ پہلے آچکا ہے سات دفعہ پڑھ وہ یہ ہے بِسْمِ
اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ بِسَطْوَةِ جَبَرُوْتِ قَهْرِكَ وَبِسُرْعَةِ اِغَاثَةِ نَصْرِكَ وَبِغَيْرَتِكَ لِانْتِهَاكِ
حُرُمَاتِكَ وَبِحِمَايَتِكَ لِمَنِ احْتَمٰى بِاٰيَاتِكَ نَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا قَرِيْبُ يَا سَمِيْعُ يَا مُجِيْبُ يَا سَرِيْعُ
يَا جَبَّارُ يَا مُنْتَقِمُ يَا قَهَّارُ يَا شَدِيْدَ الْبَطْشِ يَا مَنْ لَّا يُعْجِزُهٗ قَهْرُ الْجَبَابِرَةِ وَلَا يَعْظُمُ عَلَيْهِ
هَلَاكُ الْمُتَمَرِّدِيْنَ مِنَ الْمُلُوْكِ الْاَكَاسِرَةِ - اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كَيْدَ مَنْ كَادَنِيْ فِيْ نَحْرِهٖ وَمَكْرَ مَنْ
مَكَرَبِيْ عَائِدًا اِلَيْهِ وَحُفْرَةَ مَنْ حَفَرَلِيْ وَاقِعًا فِيْهَا وَمَنْ نَصَبَ لِيْ شَبَكَةَ الْخِدَاعِ اِجْعَلْهُ يَا
سَيِّدِيْ مُسَاقًا اِلَيْهَا وَمُصَادًا فِيْهَا وَاَسِيْرًا لَدَيْهَا - اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ اِكْفِنَا هَمَّ الْاَعْدَاءِ وَ
اَلْقِ عَلَيْهِمُ الرَّدٰى وَاجْعَلْهُمْ لِكُلِّ حَبِيْبٍ فِدَاءً وَسَلِّطْ عَلَيْهِمْ عَاجِلَ النِّقَمِ فِي الْيَوْمِ وَفِي الْغَدَاءِ
اَللّٰهُمَّ بَدِّدْ شَمْلَهُمْ - اَللّٰهُمَّ فَرِّقْ جَمْعَهُمْ اَللّٰهُمَّ قَلِّلْ عَدَدَهُمْ - اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ الدَّآئِرَةَ عَلَيْهِمْ
اَللّٰهُمَّ اَرْسِلِ الْعَذَابَ عَلَيْهِمْ - اَللّٰهُمَّ اَخْرِجْهُمْ عَنْ دَآئِرَةِ الْحِلْمِ وَاسْلُبْهُمْ مَدَدَ الْاِمْهَالِ وَ
غُلَّ اَيْدِيَهُمْ وَارْبِطْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَلَا تُبَلِّغْهُمُ الْاٰمَالَ اَللّٰهُمَّ مَزِّقْهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ مَزَّقْتَهٗ مِنْ
اَعْدَائِكَ اِنْتِصَارًا لِاَنْبِيَائِكَ وَرُسُلِكَ وَاَوْلِيَائِكَ اَللّٰهُمَّ انْتَصِرْ لَنَا انْتِصَارَكَ لِاَنْبِيَائِكَ
وَرُسُلِكَ وَاَوْلِيَائِكَ اَللّٰهُمَّ انْتَصِرْ لَنَا انْتِصَارَكَ لِاَحْبَابِكَ عَلٰى اَعْدَائِكَ اَللّٰهُمَّ لَا تُمَكِّنِ الْاَعْدَاءَ
فِيْنَا وَلَا تُسَلِّطْهُمْ عَلَيْنَا بِذُنُوْبِنَا - حٰمٓ[1] سَيُعًا حُمَّ الْاَمْرُ وَجَاءَ النَّصْرُ فَعَلَيْنَا لَا يُنْصَرُوْنَ حٰمٓعٓسٓقٓ
حِمَايَتُنَا مِمَّا نَخَافُ - اَللّٰهُمَّ اَعْطِنَا اَمَلَ الرَّجَاءِ وَفَوْقَ الْاَمَلِ يَا هُوَ[2] ثَلَاثًا يَا مَنْ بِفَضْلِهٖ لِفَضْلِهٖ
نَسْئَلُ - اَسْئَلُكَ الْعَجَلَ الْعَجَلَ - اِلٰهِيْ اَلْاِجَابَةَ الْاِجَابَةَ يَا مَنْ اَجَابَ نُوْحًا فِيْ قَوْمِهٖ يَا مَنْ
نَصَرَ اِبْرَاهِيْمَ عَلٰى اَعْدَائِهٖ يَا مَنْ رَدَّ يُوْسُفَ عَلٰى يَعْقُوْبَ يَا مَنْ كَشَفَ ضُرَّ اَيُّوْبَ يَا مَنْ اَجَابَ
دَعْوَةَ زَكَرِيَّا يَا مَنْ قَبِلَ تَسْبِيْحَ يُوْنُسَ بْنِ مَتّٰى نَسْئَلُكَ بِاَسْرَارِ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ الْمُسْتَجَابَاتِ

---

[1] سات دفعہ اس طرح کہ ہر حم پر اشارات ذیل کرے۔
حم ۱ راست - حم ۲ پیش - حم ۳ چپ - حم ۴ پس - حم ۵ بالا - حم ۶ زیر - حم ۷ مدد در بالائے سر ۱۲ مترجم [2] تین دفعہ پڑھے ۱۲ مترجم

اَنْ تَتَقَبَّلَ بِاَنَّهٗ دَعَوْنَاكَ وَاَنْ تُعْطِيَنَا مَا سَاَلْنَاكَ اَنْجِزْ لَنَا وَعْدَكَ الَّذِیْ وَعَدْتَ لِعِبَادِكَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۔ اِنْقَطَعَتْ اٰمَالُنَا وَعِزَّتِكَ اِلَّا مِنْكَ وَخَابَ رِجَاءُنَا وَحَقِّكَ اِلَّا فِيْكَ اِنْ اَبْطَئَتْ غَارَةُ الْاَرْحَامِ وَابْتَعَدَتْ نَا قُرْبُ الشَّیْءِ مِنَّا غَارَةُ اللّٰهِ ۔ يَا غَارَةَ اللّٰهِ جِدِّیِ السَّيْرِ مُسْرِعَةً ۔ فِیْ حَلِّ عُقَدَتِنَا يَا غَارَةَ اللّٰهِ ۔ عِدَاتِ الْعَادُوْنَ دَجَارُوْا ۔ وَرَجَوْنَا اللّٰهَ مُجِيْرًا ۔ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۔ وَكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ۔ فَا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ ۔ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِيْنَ اِسْتَجِبْ لَنَا اٰمِيْنَ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔ جب تونے اپنے عمل میں یہ سب طریقے اختیار کئے تو فوراً اللہ تعالیٰ کے حکم سے تیرا مطلب پورا ہوگا اور یہ اولیاء اللہ کی تلوار ہے، اسے نااہلوں کو نہ دینا اپنی محنت کا خیال رکھنا اور اس دن سے ڈرنا کہ جس دن تمام پوشیدہ باتیں ظاہر ہو جاوینگی ورنہ اس کا وبال تجھ پر لوٹے گا اور قریب ہوگا کہ تو ہلاک ہونے والے کے ہمراہ ہلاک ہو جائے کیونکہ جس نے اپنی دعاء سے کسی کو قتل کیا وہ ایسا ہی ہے جیسا کہ تلوار سے قتل کیا اور میں تجھ کو وصیت کرتا ہوں اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کی اور مخلوق پر شفقت کرنے کی اس سے کہ تیری مراد پوری ہوگی۔

آٹھواں طریقہ ۔ اگر کسی کو رجوع کرنا اور الفت کرنا منظور ہو تو اس آیۂ شریفہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کو چار سَو پچاس دفعہ رجوع کرنے کی نیت سے پڑھ امید ہے کہ مطلوب طالب کی فرمانبرداری سے ایک دم باہر نہ ہو۔ ترکیب اس عمل کے پڑھنے کی یہ ہے کہ آدھی رات کو اٹھ کر پورا وضو کر کے چھ رکعتیں پڑھے اور ہر ایک رکعت میں سورۂ الحمد ایک دفعہ اور یہ آیہ چار سَو پچاس دفعہ پھر سلام پھیر کر بیٹھے اور نو سَو پچاس دفعہ اس آیت کو پڑھے اور وقت پڑھنے کے یہ تصور کرے کہ گویا مطلوب کو اس آیۂ شریفہ سے اپنی طرف کھینچ رہا ہے اس سے فارغ ہو کر ان آیتوں کو سات دفعہ پڑھے ۔ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۔ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّا اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۔ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِیْ پھر آیۂ شریفہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کو موافق تعداد مذکور کے پڑھے ۔ یہ عمل تین دفعہ اسی طرح ہوتا رہے جیسا کہ پہلے مذکور ہوا ۔ اور اللہ ہی سیدھا راستہ بنانے والا ہے ۔

تیسرا باب

آیہ شریفہ کو پڑھ کر ریاضت کرنے کے ذکر میں

اے بھائی جان تو کہ تجھ کو اور مجھ کو خدا توفیق دے عبادت کرنے کی یہ آیت حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ جلیلۃ القدر اور بڑے اعتبار والی ہے اس کے پڑھنے سے کشف حاصل ہو جاتا ہے جو اس امر کا ارادہ کرے پس چاہیئے کہ انتظار کرے ایسے دن کا کہ جس کی اول تاریخ ہلالی جمعرات واقع ہو اس روز روزہ رکھ جب شب جمعہ ہو تو نقل اور شکر اور جو کی روٹی سے روزہ افطار کر پھر جب آدھی رات ہو غسل کے بعد اس آیۃ کو نو سو پچاس دفعہ پڑھ اور یہ کہہ اَيَّتُهَا الْاَرْوَاحُ الطَّاهِرَةُ الْوَاصِلَةُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ الْمُطِيْعُوْنَ لَهَا اَجِيْبُوْا دَعْوَتِيْ وَاَفِيْضُوْا عَلَيَّ مِنْ اَمْدَادِكُمْ فَيْضَةً عَمِيْمَةً حَتّٰى اَنْطِقَ بِمَا خَفِيَ وَاسْلِبُوْا اِلَيَّ قُلُوْبَ بَنِيْ اٰدَمَ وَبَنَاتِ حَوَّآءَ بِالْمَحَبَّةِ رَغْبًا وَّرَهْبًا پھر اس آیت کو شیشہ کے پیالہ میں زعفران و گلاب و مشک ملے ہوئے پانی سے لکھ اور اس کو پانی سے دھو کر اور پی کر سو جائے یہ کام پانچ دن یا سات دن مع روزہ و عبادت کے کر۔ ساتویں رات اس آیۃ کو سات ہزار دفعہ ایسے گھر میں پڑھ جو خالی اغیار سے ہو اور عود کی دھونی دیا گیا ہو اس سے فارغ ہو کر اسی جگہ سو جا۔ خواب میں وہ شخص ملے گا جو مطالب کی طرف راستہ بتلا دے گا۔

اور بعض عارفین نے کہا ہے کہ جس نے اس آیۃ کو ہر نماز کے بعد اسی پہلی تعداد کے موافق سچی نیت اور پوری ہمت سے پڑھا اللہ تعالیٰ ہر ایک مشکل سے اس کے واسطے کشادگی کرے گا اور مشکل کے بعد آسانی دکھلاوے گا کسی بادشاہ کے غلبہ اور ظالم سے نہیں ڈرے گا اور جس طرف متوجہ ہو گا محفوظ ہو گا اور اپنے تمام حالات میں مورد الطاف رحمانی رہے گا۔ اور جو شخص اس آیۃ کو ہزار دفعہ پڑھے اور بادشاہ یا حاکم یا قاضی پر داخل ہو ہر ایک مطالب اور مقصود کو پہنچے گا اور بعض عارفین نے بیان کیا ہے کہ اس تعداد میں عجیب بھید ہے جس کا اشارہ سلطان اور سیف کی طرف ہے۔ اور جو شخص اس آیۃ کو چار ہزار دفعہ پڑھے اس کو فائدہ اور بڑا مشاہدہ حاصل ہو جس سے عقلیں حیران رہ جائیں۔ اور جو شخص اس آیۃ کا وظیفہ اوقات نماز میں لازم کرے اور سفر یا کسی مشکل کام کا ارادہ کرے یا کسی مشکل حاجت کو طلب کرے تو وہ سب مشکلات اس پر آسان ہوں گی اور درست رہے گا اپنے قول و فعل میں اور صالح ہو گا اپنی تمام حرکات و سکنات میں اور تمام مخلوق میں محبوب اور پسندیدہ رہے گا جو اس کو دیکھے گا فوراً محبت کرے گا اور لوگوں پر اس کی ہیبت

ہوگی۔ اور اس آیۃ کے خواص میں سے ہے واسطے داخل ہونے کے بادشاہوں وزیروں حکام اور دولت مندوں پر جبکہ لکھی جائے اس کی جدول تیرھویں[۱] یا چودھویں رات[۲] کاغذ پر اور پاس رہے وہ کاغذ بشرطا اس کے کہ مداومت ہو اس آیت کی ہر نماز کے پیچھے موافق تعداد معلوم کے تو اس کاغذ کا پاس رکھنے والا اللہ کریم کی حفاظت اور اس کی منجملہ امانتوں کے ہو گا جو باقی رہتی ہیں اور ہر ایک مکروہ بات سے بچے گا اور باذن اللہ تعالیٰ کوئی اس کو تکلیف نہیں پہنچا سکے گا اور جو شخص ظالم کے قبضہ میں ہوگا اور اس آیت کو پڑھے گا وہ اس سے خلاصی پاوے گا اور وہ ظالم ذلیل اور مغلوب ہوگا اور اللہ توفیق دینے والا ہے۔ جدول وفقی اور تکسیری یہ ہیں دونوں لکھنے چاہییں۔ جدول وفقی یہ ہے:-

ح	س	ب	ن	ا	ا	ل	ل	ه	و	ن	ع	م	ا	ل	و	ك	ي	ل
س	ب	ن	ا	ا	ل	ل	ه	و	ن	ع	م	ا	ل	و	ك	ي	ل	ح
ب	ن	ا	ا	ل	ل	ه	و	ن	ع	م	ا	ل	و	ك	ي	ل	ح	س
ن	ا	ا	ل	ل	ه	و	ن	ع	م	ا	ل	و	ك	ي	ل	ح	س	ب
ا	ا	ل	ل	ه	و	ن	ع	م	ا	ل	و	ك	ي	ل	ح	س	ب	ن
ا	ل	ل	ه	و	ن	ع	م	ا	ل	و	ك	ي	ل	ح	س	ب	ن	ا
ل	ل	ه	و	ن	ع	م	ا	ل	و	ك	ي	ل	ح	س	پ	ن	ا	ا
ل	ه	و	ن	ع	م	ا	ل	و	ك	ي	ل	ح	س	ب	ن	ا	ا	ل
ه	و	ن	ع	م	ا	ل	و	ك	ي	ل	ح	س	پ	ن	ا	ا	ل	ل
و	ن	ع	م	ا	ل	و	ك	ي	ل	ح	س	ب	ن	ا	ا	ل	ل	ه
ن	ع	م	ا	ل	و	ك	ي	ل	ح	س	ب	ن	ا	ا	ل	ل	ه	و
ع	م	ا	ل	و	ك	ي	ل	ح	س	ب	ن	ا	ا	ل	ل	ه	و	ن
م	ا	ل	و	ك	ي	ل	ح	س	ب	ن	ا	ا	ل	ل	ه	و	ن	ع
ا	ل	و	ك	ي	ل	ح	س	ب	ن	ا	ا	ل	ل	ه	و	ن	ع	م
ل	و	ك	ي	ل	ح	س	ب	ن	ا	ا	ل	ل	ه	و	ن	ع	م	ا
ل	ك	ي	ل	ح	س	ب	ن	ا	ا	ل	ل	ه	و	ن	ع	م	م	ل
ك	ي	ل	ح	س	پ	ن	ا	ا	ل	ل	ه	و	ن	ع	م	ا	ل	و
ي	ل	ح	س	ب	ن	ا	ا	ل	ل	ه	و	ن	ع	م	ا	ل	و	ك
ل	ح	س	ب	ن	ا	ا	ل	ل	ه	و	ن	ع	م	ا	ل	و	ك	ي

۱؎ جبکہ قمر کامل بدر ہو ۱۲ مترجم ۲؎ اصل میں صرف جدول وفقی درج تھی مترجم نے جدول تکسیری بھی زیادہ کردی ہے کہ اس کو اثر عظیم ہے ۱۲ مترجم

جدول تکسیر حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل

ح	س	ب	ن	ا	ا	ل	ل	ه	و	ن	ع	م	ا	ل	و	ك	ی	ل
ل	ح	ی	س	ك	ب	و	ن	ل	ا	ا	ا	م	ل	ع	ل	ن	ه	و
و	ل	ه	ح	ن	ی	ل	س	ع	ك	ل	ب	م	و	ا	ن	ا	ل	ا
ا	و	ل	ل	ا	ه	ن	ح	ا	ن	و	ی	م	ل	ب	س	ل	ع	ك
ك	ا	ع	و	ل	ل	س	ل	ب	ا	ل	ه	م	ن	ی	ح	و	ا	ن
ن	ك	ا	ا	و	ع	ح	و	ی	ل	ن	ل	م	س	ه	ل	ل	ب	ا
ا	ن	ب	ك	ل	ا	ل	ا	ه	و	س	ع	م	ح	ل	و	ن	ی	ل
ل	ا	ی	ن	ن	ب	و	ك	ل	ل	ح	ا	م	ل	ع	ا	س	ه	و
و	ل	ه	ا	س	ی	ا	ن	ع	ن	ل	ب	م	و	ا	ك	ح	ل	ل
ل	و	ل	ل	ح	ه	ك	ا	ا	س	و	ی	م	ا	ب	ن	ل	ع	ن
ن	ل	ع	و	ل	ل	ن	ل	ب	ح	ا	ه	م	ك	ی	ا	و	ا	س
س	ن	ا	ل	و	ع	ا	و	ی	ل	ك	ل	م	ن	ه	ل	ا	ب	ح
ح	س	ب	ن	ا	ا	ل	ل	ه	و	ن	ع	م	ا	ل	و	ك	ی	ل

اور جو شخص ان جدولوں کو پاک صاف چمڑے[1] پر مشک و زعفران اور گلاب کے پانی سے لکھے اور عمدہ خوشبو سے اس کو دھونی دے اور اپنے تکیہ کے نیچے رکھ چھوڑے اور سونے کے وقت ہر رات اس آیۃ کو ایک ہزار نو سو (۱۹۰۰) دفعہ پڑھے اس پر انیس (۱۹) روز گذرنے نہ پاویں گے کہ نفقہ وہاں سے ملے گا۔

اور جس نے ہفتہ کے دن ایک ہزار (۱۰۰۰) دفعہ پڑھا حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اور کسی انسان کا ارادہ کیا تو وہ انسان باذن اللہ تعالیٰ پکڑا جاوے گا مگر مناسب یہ ہے کہ حاجت پوری ہونے تک ہر ایک ہفتہ کے دن کا خیال رکھے۔

اور جو اکتالیس (۴۱) دفعہ کہے فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ

[1] اگر ہرن کی جھلی پر ہو تو زیادہ تر مفید ہے ۱۲ مترجم۔

اَلْعَظِیْمِ اور کسی کو مہربان کرنا چاہے وہ اس کی طرف رجوع ہو گا اور دل سے محبت رکھے گا اور جو شخص کہ اس کے خواص سے واقف ہے اس کو لازم ہے کہ ان اعمال کو مستحق کے سوا اور کسی کو نہ دے۔ یہ دشمن کے ذلیل کرنے اور مطلوب پر پہنچنے کے واسطے نافع ہیں جس نے کہ ان اعمال کو حاصل کیا وہ آرزو اور عزت و حکمت باذن اللہ تعالےٰ پاوے گا اور جو استقامت طریق نہ ہوگی تو سیدھا راستہ حاصل کرے گا اور اس پر ہمیشگی کرنے والے کا جسم صاف شیشہ کی طرح چمکے گا اور اگر زیادہ اس آیۃ کا عامل رہا تو اس پر کوئی حجاب روک کا باعث نہ ہوگا اور پانی پر چلے گا اور علوم کی باریکیاں اس پر کھل جاویں گی اور جب کسی پر تغیر ہو اس کو اللہ تعالیٰ اس میں عبرتیں دکھلاتا ہے۔ بغیر کسی فعل اور دعا کے۔ اور یہ عمل واسطے داخل ہونے کے حکام پر یا بادشاہوں پر یا شریفوں پر یا دشمنوں کو ہلاک کرنے کے واسطے ہے اس سے دعا مانگے عجیب بات دیکھے گا اور یہ طریقہ نقش جدول کا ہے عامل اس کو اپنے پاس رکھے جبکہ دشمنوں سے بدلہ لینا ہو۔ اور ان کو پورا پورا پریشان کرنا ہو۔ اور اللہ سیدھا راستہ بتلانے والا اور مراد پر مدد کرنے والا ہے۔

۷۸۶

حَسْبُنَا	اَللّٰہُ	وَنِعْمَ	اَلْوَکِیْلُ
اَلْوَکِیْلُ	وَنِعْمَ	اَللّٰہُ	حَسْبُنَا
اَللّٰہُ	حَسْبُنَا	اَلْوَکِیْلُ	وَنِعْمَ
وَنِعْمَ	اَلْوَکِیْلُ	حَسْبُنَا	اَللّٰہُ

اور محبت کے واسطے اِس آیہ شریفہ کے نقش کی کیفیت یہ ہے کہ سفید کاغذ میں لکھ کر میٹھے انار کی لکڑی میں لٹکا دیا جائے اور ہر نماز کے پیچھے تو ۱۰۰ سو پچاس مرتبہ پوری بسم اللہ اس پر پڑھی جاوے۔ ہر سو پر کہے یَا خُدَّامَ هٰذِهِ الْاٰیَةِ الشَّرِیْفَةِ وَالْاَسْمَآءِ الْمُنِیْفَةِ بِحَقِّهَا عَلَیْکُمْ وَبِمَا مِنَ السِّرِّ وَالْاَسْرَارِ وَالنُّوْرِ وَالْاَنْوَارِ حَرِّكُوْا وَحَارِبُوْا وَاجْذِبُوْا اِلٰی كَذَا وَكَذَا اجْذِبًا یَکُوْنُ لَهٗ فِیْهِ رِضًا وَّطَاعَةً وَّمَحَبَّةً وَّعَطْفًا وَّذَا بِحَقِّ مَا تَعْتَقِدُوْنَهٗ مِنَ الْقُوَّةِ وَالسَّطْوَةِ عَلَیْکُمْ اَجِیْبُوْا اَجِیْبُوْا اَجِیْبُوْا اِهْیًا اِهْیًا اِهْیًا اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ بَارَكَ اللّٰهُ فِیْكُمْ وَعَلَیْكُمْ وَجَعَلَ اللّٰهُ تَعَالٰی سَعْیَكُمْ سَعْیًا وَّتَسْكُمْ قَسَمًا مَبْرُوْرًا اَوْ بِحَقِّ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ مُسْرِعِیْنَ طَائِعِیْنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ اس کے پڑھتے وقت لوبان کی دھونی دے یہاں تک کہ خاتم یعنی (نقش) کو حرکت ہو اور بہت زور سے دورہ کرے اس وقت تجھ کو معلوم ہو جاوے کہ ارواح تیرے پاس حاضر ہو گئیں اور فرمانبردار ہوئیں ان کو حکم دے جو چاہے پھر ان کو ان کے حال پر چھوڑ دے پھر اس کاغذ کو لے جس میں خاتم (نقش) ہے اس کو اٹھا کر جس کا ارادہ ہو اس کے پاس جاوے باذن اللہ تعالیٰ جو کچھ تو ارادہ کرے گا وہ پورا ہو گا مگر اخلاص اور ہمت اور کثرت عبادت شرط ہے

جب طالب میں اہلیت ہوگی اس کے اسباب موجود اور آسان ہوں گے اور اس کی حاجتیں پوری ہوں گی مشکل نہ ہوں گی۔

اور یہ جدول شاخ انار شیریں پر لٹکا دیا جائے۔

۷۸۶

حَسْبُنَا	اللہُ	وَنِعْمَ	اَلْوَکِیْلُ
اَلْوَکِیْلُ	وَنِعْمَ	اللہُ	حَسْبُنَا
اللہُ	حَسْبُنَا	اَلْوَکِیْلُ	وَنِعْمَ
وَنِعْمَ	اَلْوَکِیْلُ	حَسْبُنَا	اللہُ

اور جو شخص اپنی زندگی کی سرسبزی چاہے اور زیادہ عمدگی اور غیب سے روزی کا خواستگار ہو تو ایسے شخص کا کام صرف اللہ کے واسطے ہونا چاہیے ورنہ پھر بلا کا خوف ہے پس سات دن روزے رکھے ابتداء اتوار کے دن سے ہفتہ تک اور خالی گھر میں خلوت کو بیٹھے اور خلوت میں گرداگرد خط کھینچے اور خط کے خارج کہٰیٰعٓصٓ حمعسق لکھے اور خط کے اندر سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ اور جدول داخل سے ہو پھر اندر ہی سے لکھے سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ قُلْ ہُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِہٖ وَعَلَیْہِ تَوَکَّلْنَا۔ اور اس دائرہ کے درمیان بیٹھے اور عود ولوبان اور زعفران کی دھونی روشن کرے اور نقش کرے اس جدول مذکور کو سونے یا چاندی کی لوح پر اور اس کو جانماز کے نیچے رکھے پھر آیہ شریفہ چار ہزار دفعہ پڑھے اور ہر

جدول

کھیعص حمعسق

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ

قُلْ ہُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِہٖ وَعَلَیْہِ تَوَکَّلْنَا

حَسْبُنَا	اللہُ	وَنِعْمَ	اَلْوَکِیْلُ
اَلْوَکِیْلُ	وَنِعْمَ	اللہُ	حَسْبُنَا
اللہُ	حَسْبُنَا	اَلْوَکِیْلُ	وَنِعْمَ
وَنِعْمَ	اَلْوَکِیْلُ	حَسْبُنَا	اللہُ

حمعسق کھیعص حمعسق کھیعص

[illegible]

نماز کے بعد اس ریاضت کی مدت میں اس آیہ کو ایک ہزار دفعہ پڑھے اور ساتویں رات میں چار ہزار دفعہ پڑھے اور دھونی مذکورہ برابر ان ایام میں روشن رہے۔ اور جب تو اس کی خدمت کا ارادہ کرے تو پورا غسل کرے اور اتوار کے دن سے ہفتہ تک روزہ رکھے اور آیہ مذکورہ کے پڑھنے میں کوشش کرے اور سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ کو ہر نماز کے بعد ایک سو اٹھارہ[۱۱۸] دفعہ

پڑھے اور غذا انجیر و منقہ اور جَو کی روٹی ہو۔ پس دیکھے گا تو جو جو آنکھوں نے نہ دیکھا ہوگا اور نہ کانوں نے سُنا ہوگا اور نہ انسان کے دل پر اس کا خطرہ گزرا ہوگا ہاں وہ شخص جس نے کہ یہی عمل کیا ہو اور ان راستوں پر چلا ہو اور ملاقات کرے گی تیری روح ارواح کے ساتھ علیین میں دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں پس پہچان قدر اُس کی جو تجھ کو پہنچا ہے۔ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ۔

فائدہ جلیلہ: جو شخص ہر رات کو سوتے وقت چار رکعتیں پڑھے پہلی رکعت میں بعد الحمد قُلْ ھُوَ اللّٰہُ دس بار دوسری رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ اخلاص بیس بار تیسری رکعت میں بعد الحمد سورۂ اخلاص تیس ۳۰ بار چوتھی رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ اخلاص چالیس بار ان چاروں رکعتوں میں سَو دفعہ ہوئی پھر فراغت کے بعد استغفار سَو بار اور درود شریف ایک ہزار دفعہ اور حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ایک ہزار دفعہ اسی طرح یہ عمل چودہ روز کرے اور ایک تھیلی سفید روئی کی یعنی سفید کپڑے کی تیار کرکے اُس کے اندر اس نقش آئندہ کو لکھے اور مُصلے کے نیچے رکھے مدت پُوری ہونے پر تو اپنی روزی تھیلی میں پائے گا اور جو کچھ آوے تھیلی میں رکھ اور نکال مگر شمار نہ کر اگر تمام دن خرچ کرتا ہے گا تو کم نہ ہوگا۔ جدول مبارک یہ ہے۔ اس نقش کو مشترک کہتے ہیں ضلع اربعین سُورۂ اخلاص بیت اوّل میں اعداد قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ کے ۲۲۰ ہیں اور بیت ثانی میں اعداد اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۲۳۱ ہیں اور بیت ثالث میں اعداد لَمْ یَلِدْ ۱۱۴ ہیں اور بیت رابع میں اعداد وَلَمْ یُوْلَدْ ۱۲۶ اور بیت خامس میں اعداد وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ ۱۹۱ اور بیت سادس میں اعداد کُفُوًا اَحَدٌ ۱۲۰ ہیں یہ نقش بزرگ مطلوق ہے یعنی ہر ضلع اس کا ۱۰۰۲ ہے اور جملہ اضلاع کا شمار ۸۰۱۶ ہے۔

۷۸۶

۱۲۰	۱۹۱	۱۲۶	۱۱۴	۲۳۱	۲۲۰
۲۲۰	۱۲۰	۱۹۱	۱۲۶	۱۱۴	۲۳۱
۲۳۱	۲۲۰	۱۲۰	۱۹۱	۱۲۶	۱۱۴
۱۱۴	۲۳۱	۲۲۰	۱۲۰	۱۹۱	۱۲۶
۱۲۶	۱۱۴	۲۳۱	۲۲۰	۱۲۰	۱۹۱
۱۹۱	۱۲۶	۱۱۴	۲۳۱	۲۲۰	۱۲۰

ایک اور طریقہ اس نقش عظیم القدر کا یہ ہے کہ چاندی وجہ حلال سے حاصل کرے اور اس کے دس ٹکڑے کرے ایک کو مُنہ میں رکھے اور اس پر ایک ہزار مرتبہ سورۂ بزرگ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پُوری پڑھے۔ دُوسرے پر اسی طرح۔ تیسرے پر اسی طرح یہاں تک کہ دسوں ٹکڑوں پر پُوری دس ہزار ہو جاوے گی۔ پھر ہر ایک کو اسی طرح ایک ایک ہزار سورۂ اخلاص پڑھ کر منہ سے نکالتا جائے جو ٹکڑا سب سے پیچھے نکلے اُس میں سوراخ کرلے اور اس پر کوئی سبز نشانی لگا دے پھر اس ٹکڑے چاندی کو اور دوسرے دراہم یعنی ٹکڑوں کو ایک تھیلی میں رکھے جس کا ذکر پہلے آیا اور جس میں وہ نقش ہے اور جب کوئی درہم کہیں سے تیرے پاس آوے تو اسی میں رکھ اور بے شمار کیے خرچ کرتا رہ پھر جب اس میں سے درہم نکالے تو دس سے کم نکالے اور اس کی نگھبانی

رکھ کہ وہ ٹکڑا (درہم) جس پر نشانی لگادی ہے ہتھیلی سے نہ نکل جاوے ورنہ پھر از سر نو عمل کرنا ہوگا۔

چوتھا باب

آیۂ شریفہ کے بعض اسرار کے بیان میں

اے بھائی تو جان۔ خدا تعالیٰ تجھ کو اپنی عبادت کی توفیق دے کہ اس آیۃ کے حروف کی تعداد انیس [19] ہے موافق تعداد حروف بسم اللہ اور تعداد دوزخ کے فرشتوں کے ہے فرمایا اللہ تعالیٰ نے عَلَیْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ وَمَا جَعَلْنَا اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰٓئِكَةً وَّمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِیَسْتَیْقِنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَیَزْدَادَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِیْمَانًا۔ ترجمہ:۔ دوزخ پر انیس [19] فرشتے داروغہ ہیں اور ہم نے دوزخ کے مالک فرشتے ہی بنائے ہیں اور یہ تعداد انیس [19] کی آزمائش اور ابتلا کافروں کے لئے بنائی تاکہ یقین کرلیں اہل کتاب اور ایمان والوں کا ایمان زیادہ ہو۔ پس جو شخص اس آیت پر مداومت کرے گا وہ فرقہ ناجیہ سے ہوگا۔

اور جو شخص اس آیۂ شریفہ کو انیس [19] ہزار دفعہ پڑھے یعنی ہر ہر حرف کے مقابل میں ہزار [1] ہزار مرتبہ پڑھے اس کے بعد کہے یَا خُدَّامَ هٰذِهِ الْاٰیَةِ الشَّرِیْفَةِ تَوَجَّهُوْا اِلٰی فُلَانِ [2] ابْنِ فُلَانَةَ وَادْخُلُوْا اِلَیْهِ فِیْ صِفَاتٍ مُّهَوَّلَةٍ وَّعَرِّفُوْهُ عَنِّیْ وَعَنِ اِسْمِیْ وَعَنْ كُنْیَتِیْ وَحَاجَتِیْ وَمَآ اَنَا طَالِبٌ بِحَقِّ مَا تَعْتَقِدُوْنَهٗ مِنْ عَظْمَتِهَا عَلَیْكُمْ وَسَطْوَتِهَا لَدَیْكُمْ اَجِیْبُوْا اَهْیًا اَهْیًا اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ بَارَكَ اللّٰهُ فِیْكُمْ وَعَلَیْكُمْ۔ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَیْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِیْعٌ لَّدَیْنَا مُحْضَرُوْنَ۔ اُحْضُرُوْا مَقَامِیْ وَاسْمَعُوْا كَلَامِیْ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاٰیَةِ الشَّرِیْفَةِ وَمَا لَهَا عَلَیْكُمْ مِنَ الْقُوَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالسَّلْطَنَةِ اِنَّهٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ۔ مُسْرِعِیْنَ طَآئِعِیْنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

جب صبح ہوگی وہ شخص تیرے پاس عاجز ذلیل خوار ہو کر آوے گا خواہ وہ زمین کے بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ ہو۔ اور خود پوچھے گا جس کام کا تیرا ارادہ ہوگا اور جب کام سے فارغ ہو تو یہ کہنا چاہیے فَاِذَا [3] اَجَبْتُمْ دَعْوَتِیْ وَلَبَّیْتُمْ كَلِمَتِیْ فَانْصَرِفُوْا بَارَكَ اللّٰهُ فِیْكُمْ وَعَلَیْكُمْ۔ جان اے طالب جب تو نے کوئی کام کیا اور وہ حکم بجالانے لائق نہ تھا وہ مؤکل تجھ کو اپنی تلواروں سے ڈرائیں گے اور آنکھیں دکھلائیں گے۔

---

[1] بموجب قاعدہ جفر محذر فائق الفناسہ ۱۲ مترجم [2] اس جگہ اس شخص کا نام لے جس کی نسبت یہ عمل کرنا ہو ۱۲ مترجم [3] گویا یہ خطاب مؤکلوں کو ہے ۱۲ مترجم

اب پھر وصیت کرتا ہوں تجھ کو اس بات کی کہ اس کام کے کرنے سے پہلے جب تک کہ تیرے معدہ میں کھانا رہے گا قبول کا درجہ نہیں ملے گا پس لازم پکڑ روزہ اور ریاضت کو اس سیدھے راستے میں داخل ہونے سے پہلے اس میں اختلاف ہے بعض کے نزدیک دو ہفتہ یا مہینے کا روزہ رکھنا چاہیے اور ریاضت والوں کے نزدیک ایک مہینہ چالیس۴۰ دن پورے ہونے سے ہوتا ہے جیسا کہ اللہ کریم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے چالیس دن کی میعاد شرط فرمائی تھی تاکہ پاک ہو جاوے معدہ غذاؤں کے میل سے اور روح کی روحانیت قوی ہو جاوے عقل صاف ہو جاوے دل قوی ہو جاوے نفس پاکیزہ ہو جاوے اس کا نام صمدانیتِ[له] اجسام ہے اور صمدانیہ ارواح کے واسطے پہلے بزرگوں نے ساٹھ دن کی ریاضت شرط کی ہے اس میں عجائب ملکوت اور اسرار جبروت اور لطائف ملکوت معلوم ہوتے ہیں اور صمدانیہ عقول مجموع ذات انسانیہ کے واسطے ستر۷۰ دن مقرر ہیں اور یہ انتہا ریاضت کرنے والوں کی ہے اور اس سے پیدا ہوتے ہیں مقاماتِ باطنی اور خصوصیت کے انوار۔ ارباب احوال اور مراتب اعمال میں یہ باتیں ہیں ان کو اسرار منکشف ہو جاتے ہیں اور بھیدوں کے پردے اُٹھ جاتے ہیں یہ شخص فنا سے مر جاتا ہے پھر بقا سے زندہ ہوتا ہے اور یہ آخر مرتبہ صمدانیۂ انسانیہ کا ہے تمام عوالم اور جمیع تجلیات میں۔ اور صمدانیہ طبائع کی حد اٹھارہ۱۸ دن ہیں۔ اور چودہ۱۴ دن سے کم اسرار صمدانیہ کا کوئی مسلک نہیں ہے۔ اور جو شخص مداومت کرے اس آیۂ شریفہ پر ہر نماز کے پیچھے تیرہ۱۳۱۳ سو دفعہ اگر اسیر ہو چھوٹ جاوے قید میں ہو خلاصی پاوے خوفزدہ ہو تو امن حاصل کرے فقیر ہو تو امیر ہو جاوے ذلیل ہو تو عزت پاوے اور اس میں عجیب معنی ہیں واسطے توڑنے ظالموں کے اور ان کی جڑ کاٹنے کے۔

اور جو شخص اس آیۂ شریفہ کا نقش (جو ضرب دیا گیا ہو اس کے عدد کمی[۲ له] اپنے میں) مشک گلاب کے پانی اور زعفران سے لکھے اور اپنے گلے میں لٹکاوے ہر ایک سخت ظالم اس کے سامنے ذلیل ہو جاوے اور شیطان سرکش ذلیل ہو اور جو اس کو دیکھے محبت کرے۔

اور جس نے اس آیۂ شریفہ کا زیادہ ذکر کیا زندہ رکھیگا اللہ تعالیٰ اس کے باطن کو معرفت کے نور سے اور اس کے ظاہر کو عمدہ مہربانیوں سے اور محفوظ رکھے گا اس کے نفس اور مال و اولاد کو اور بچاوے گا اس کو شر سے جس سے کہ ڈرتا ہے اور جو بادشاہ اس آیہ کا ورد رکھے گا اس کا ملک وسیع ہوگا اور اُسکی

۷۸۶

۵۰۶۳۴	۵۰۶۲۷	۵۰۶۳۲	۵۰۶۱۷
۵۰۶۳۱	۵۰۶۱۸	۵۰۶۲۳	۵۰۶۲۸
۵۰۶۱۹	۵۰۶۳۴	۵۰۶۲۵	۵۰۶۲۲
۵۰۶۲۶	۵۰۶۲۱	۵۰۶۲۰	۵۰۶۳۳

اور جو شخص یہ چاہے کہ تمام مخلوق اس کی تعریف کرے اس سے محبت رکھے تو اس آیہ شریفہ کو پچاس دن رات تک اس طرح پڑھے کہ ہر روز تین ہزار تیرہ دفعہ اسی طرح رات کو پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے اور بھید ظاہر نہ کرے عجیب اسماء اس پر ظاہر ہوں گے چاہیے کہ خالصاً مخلصاً اللہ کے واسطے پڑھے تاکہ مقصود پر پہنچے اور عجائب و غرائب کی طرف مطلق التفات نہ کرے بلکہ پیروی کرے سلطان الانبیاء برہان الاتقیاء حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی لَقَدْ رَاٰی مِنْ اٰیٰتِ رَبِّهِ الْکُبْرٰی ۔ نہیں کجی کی آنکھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اور نہ حد سے تجاوز کیا اور اپنے رب کی بڑی آیات کو دیکھا۔ مطلب یہ ہے کہ عامل بھی سوائے مقصود حقیقی کے کسی طرف التفات نہ کرے۔

اور نیز جو شخص اکتالیس دن اس آیہ شریفہ کا اس طرح عمل پڑھے کہ ہر روز تین ہزار دفعہ پڑھے۔ جب دعا پوری ہوگی تمام چیزیں اس کے ہمراہ ہوں گی اسرار ظاہر ہوں گے اور باذن اللہ تعالیٰ فہم و ادراک میں استعداد پیدا ہوگی اور اس صفت کا کرنے والا اگر کسی کو نظر قہر سے دیکھے گا وہ باذن اللہ ہلاک ہوگا اور اگر نظر رحمت و شفقت سے دیکھے گا تو وہ دنیا و آخرت میں نیک ہو جاوے گا اور اگر اندھوں یا برص والوں یا جذامیوں یا مفلوجوں کو صحت کی نظر سے دیکھے گا تو وہ باذن اللہ تعالیٰ تندرست ہو جاویں گے۔

اور جب کسی انسان کو درد ہو یا کسی دشمن یا بادشاہ کا خوف ہو وہ ظہر کے وقت غسل کرے پھر نماز سے فارغ ہو کر چار سو پچاس دفعہ اس آیہ شریفہ کو پڑھے اس کا دشمن باذن اللہ تعالیٰ مغلوب ہوگا اور اللہ کریم اس سے راضی ہوگا بادشاہ خوش ہو جاوے گا اور تمام مکروہات سے امن میں رہے گا اور کوئی حاسد اور بدخواہ اس پر غالب نہ ہوگا۔ ایسا ہی جو اس آیۃ پر مداومت کرے گا اس کو نہ جادو سے نقصان پہنچے گا نہ سانپ سے نہ بچھو سے نہ اور کسی درندہ و گزندہ سے۔

اور جو اس آیہ شریفہ کو چالیس دن تک ہر روز پانچ دفعہ پڑھے اور دعائے تسخیر کو پانچ دفعہ پڑھے تمام مخلوق اس کی مسخر بن جاوے گی اس کے مرید اور معتقد ہو جاویں گے۔

اور نیز جو شخص مشغول ہوگا اس طریقہ سے جس کا ہم ابھی ذکر کریں گے اس کو ذوقِ عظیم اور بڑی دولت حاصل ہوگی صنائع موجودات اور بدائع مخلوقات اور مظہر کائنات میں۔ وہ طریق یہ ہے کہ اس آیۂ شریفہ کو ایک سو ساٹھ یوم تک ہر

روز نو ہزار پانسو دفعہ پڑھا کرے جب پورا کرلے کسی دوست و غمخوار کو اس کے اسرار کی خبر نہ دے اور اس وقت دیکھیگا ریاضت
کرنے والا اپنے آپ کو ذات اور صفات تمام مخلوقات اور مکونات میں انبیاء اور اولیاء کے درجات پر سرفراز ہوگا کیونکہ
علماء انبیاء کے وارث ہیں اور اس کا وہ مقام ہوجاوے گا کہ کہتا ہوگا نہیں دیکھی میں نے کوئی چیز مگر اللہ کو اس میں دیکھا اور
اشیاء کی حقیقتیں اس پر منکشف ہوجاویں گی اس طور پر کہ اول سے آخر تک اس کے سامنے پیش کی جاویں گی اس کی
فطرت کے موافق جس پر اس کو پیدا کیا ہے اس سے اس کو اولین و آخرین کا علم ہوجاوے گا اور تمام اشیاء باوجود اختلاف
کے اس کی نظر میں متحد نظر آویں گی حق تعالیٰ کی تجلی ان میں دیکھے گا اور جان لے گا کہ مبداء سے معاد تک دونوں جہان میں اللہ
تعالیٰ کے سوا اور کوئی نہیں اور عالم ملک کی ٹہنیوں ملکوت کے درختوں تک قرب حقیقی کا پھل ظاہر ہوجاوے گا۔ ابناء
عالم اس سے مراد پر پہنچیں گے۔ اور پورا حظ اٹھاویں گے اور ناقصاں بھی بطفیل اس کی مہربانی کے عرفان کے مرتبہ تک پہنچیں
گے اور پہچانے گا اس کی حقیقت ہر ایک عالم۔ اسی سے ہم نے تم کو پیدا کیا اور اسی میں لوٹا دیں گے اور
اسی سے پھر نکالیں گے اور اطلاع پاوے گا دل اس کا تمام مخلوق کے دلوں پر اور نیز جو کوئی اس آیۂ شریفہ کو بعد نماز فجر
اور عصر کے چار سو پچاس دفعہ پڑھے اس پر مداومت کرے اللہ تعالیٰ تمام عالم کو اس کا مسخر اور فرمانبردار بناوے لیکن ریاضت
کے اسرار کو چھپانا چاہیے کسی پر ظاہر نہ کرے۔

اور جب یہ نقش ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران سے لکھے اور دو جھگڑنے والوں کو دے یا ان کو پلاوے تو انکی مخالفت
اور خصومت جاتی رہے گی۔ مگر آیہ شریفہ کو ایک ہزار دفعہ اس نقش پر پڑھنا چاہیے۔ اور جو شخص دشمنوں سے بدلہ لینا چاہے جمعرات و جمعہ کا روزہ رکھے جب ہفتہ کی رات ہو عشاء کے بعد چار رکعتیں پڑھے اول رکعت میں

نقش یہ ہے

۷۸۶

وَاتَّبَعُوا	رِضْوَانَ	اللّٰہِ	وَاللّٰہُ	ذُو	فَضْلٍ	عَظِیْمٍ
رِضْوَانَ	اللّٰہِ	وَاللّٰہُ	ذُو	فَضْلٍ	عَظِیْمٍ	وَاتَّبَعُوا
اللّٰہِ	وَاللّٰہُ	ذُو	فَضْلٍ	عَظِیْمٍ	وَاتَّبَعُوا	رِضْوَانَ
وَاللّٰہُ	ذُو	فَضْلٍ	عَظِیْمٍ	وَاتَّبَعُوا	رِضْوَانَ	اللّٰہِ
ذُو	فَضْلٍ	عَظِیْمٍ	وَاتَّبَعُوا	رِضْوَانَ	اللّٰہِ	وَاللّٰہُ
فَضْلٍ	عَظِیْمٍ	وَاتَّبَعُوا	رِضْوَانَ	اللّٰہِ	وَاللّٰہُ	ذُو
عَظِیْمٍ	وَاتَّبَعُوا	رِضْوَانَ	اللّٰہِ	وَاللّٰہُ	ذُو	فَضْلٍ

الحمد اور اِذَا زُلْزِلَتْ چالیس دفعہ دوسری میں الحمد کے بعد سورۃ اَلْقَارِعَۃُ چالیس دفعہ پھر سلام پھیرے اور
دو رکعتیں اخیر اس طرح پڑھے اول میں بعد الحمد، وَیْلٌ لِّکُلِّ چالیس دفعہ اور دوسری میں بعد الحمد، اَلَمْ تَرَ کَیْفَ،

چالیس دفعہ۔ سلام پھیر کر بیٹھ کر آیہ شریفہ ایک ہزار پانسو دفعہ اس کے بعد دعا تین دفعہ یہ عمل تین رات متواتر کرنا چاہیے اگر ایک ہفتہ پورا کر دے تو اور اچھا ہو پس ضرور دشمنوں پر بلا نازل ہوگی جس کے دفعہ کرنے سے آسمان اور زمین کے باشندے عاجز ہونگے

اور جو شخص یہ چاہے کہ تمام مخلوق کی زبانیں اپنے سے بند کرے تو چاہیے کہ ایک لوح جست مصفی تین مثقال کے مقدار بناوے اور اس آیہ شریفہ کا اس پر نقش کرے پھر آیہ شریفہ کو ایک ہزار ایک دفعہ اس لوح پر پڑھے اور تازی مچھلی کے پیٹ میں رکھ کر اسے زمین میں دفن کر دے جو زمین کہ تر ہو شبنم سے اور دشمنوں اور حاسدوں کے نام بھی اس میں لکھ دے باذن اللہ تعالیٰ ان کی زبانیں بند ہو جاویں گی۔

اور جو شخص یہ چاہے کہ عالم اور تمام بنی آدم اس کے مطیع ہو جاویں تو اس آیت کو جمعہ کے دن بعد طلوع شمس ایک ہزار دفعہ پڑھے اور یہ دعا تین دفعہ پڑھے ویسا ہی ہوگا۔

اور یہ تجربہ ہوا ہے کہ خوف کے وقت آیہ شریفہ کو چار سو پچاس دفعہ پڑھے خوف سے امن ہوگا آفت سے سلامت رہے گا اور وہ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ جَعَلْتُ نَفْسِیْ وَاِيْمَانِیْ وَجَمِيْعَ مَا هُوَ عَلَیَّ مِنَ النِّعَمِ فِیْ حِصْنِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا يُرَامُ وَفِیْ جِوَارِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا يَخْفٰی وَفِیْ نِعَمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا تُدْرَكُ فِیْ سِتْرِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا يُهْتَكُ وَفِیْ جَنْبِ اللّٰهِ الْمَنِيْعِ وَفِیْ وَدَائِعِهِ الَّتِیْ لَا تُضِيْعُ وَفِیْ جِوَارِ اللّٰهِ الْمَحْفُوْظِ وَمَنِ اعْتَصَمَ بِاللّٰهِ فَهُوَ مَعْصُوْمٌ وَجَلَّ جَلَالُ اللّٰهِ وَلَا يَخْلُوْ مَكَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَعَمِيَتْ كُلُّ عَيْنٍ نَظَرَتْنِیْ بِاِذْنِ اللّٰهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ حَسْبِیَ اللّٰهُ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ وَلَا يَعْزُبُ عَنْ عِلْمِ اللّٰهِ شَیْءٌ وَالْقَاهِرُ اللّٰهُ وَالْغَالِبُ اللّٰهُ مُذِلُّ كُلِّ جَبَّارٍ وَّعَنِيْدٍ نَاصِرِ الْحَقِّ حَيْثُ كَانَ بِالْحَوْلِ وَالْقُوَّةِ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ۔

اور یہ نقش واسطے ہلاک کرنے ظالم کے ہے جو اس کا ارادہ کرے وہ اس کا نقش بناوے سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ط

۷۸۶

۶۷۷	۶۸۰	۶۸۵	۶۷۰
۶۸۴	۶۷۱	۶۷۶	۶۸۱
۶۷۲	۶۸۷	۶۷۸	۶۷۵
۶۷۹	۶۷۴	۶۷۳	۶۸۶

اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے اسم اَللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ کو موافق ان کے اعداد کے پڑھے پھر اللطیف کی حزب سے دعا مانگے جس کا شروع یہ ہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ اَفْضَلَ الصَّلَوَاتِ وَاَنْمَی الْبَرَكَاتِ الخ اور آیہ شریفہ کو اس کے تعداد کی موافق پڑھے۔ ہر ایک

خوف سے محفاظت میں رہے گا۔

اور یہ جدول مالک الملک اور قیوم باقی کی ہے جس کی خاصیت خودہی ظاہر ہے وفق یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۹	۱۲۲	۱۲۸	۱۱۳
۱۲۷	۱۱۳	۱۱۸	۱۲۳
۱۱۴	۱۳۰	۱۲۰	۱۱۷
۱۲۱	۱۱۶	۱۱۵	۱۲۹

اور جو ارادہ کرے قتل ظالم کا پس چاہیے کہ وفق مرتب کرے اَلْمُهْلِكُ الْمُمِيْتُ کا ساتھ تلاوت آیہ شریفہ کے جیسا کہ اوپر گذر چکا ہے اور ہر صدی پر یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ اَعْدَ اَئِنَا عَدَدًا فَلَا تُبْقِ مِنْهُمْ اَحَدًا وَاَنْتَ الْبَاقِي سَرْمَدًا اَبَدًا فَشَتِّتْهُمْ تَبْدِيْدًا وَلَا تُبْقِ مِنْهُمْ اَحَدًا۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ (فلان بن فلانہ) فَاَهْلِكْهُ وَامْحُ اَثَرَهٗ وَاٰثَارَهُمْ وَاقْطَعْ مِنَ الْاَرْضِ خَبَرَهُمْ اَللّٰهُمَّ سَرْبِلْهُمْ سِرْبَالَ الْهَوَانِ وَقَمِّصْهُمْ قَمِيْصَ الذُّلِّ وَالْخَرَابِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ؕ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ؕ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ؕ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

اور واسطے طلب جاہ و تسخیر قلوب خلائق کے چاہیے کہ شروع کرے تلاوت اس آیہ شریفہ کی روز دوشنبہ سے اور بعد نماز صبح کے تین سو تیرہ مرتبہ پڑھے پھر اسی قدر ان اسماء کو پڑھے یَا مُتَعَالُ۔ یَا عَزِیْزُ۔ یَا عَظِیْمُ۔ یَا رَفِیْعُ۔ یَا عَلِیُّ یَا کَبِیْرُ اور اس وفق کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ جس کی نظر اس پر پڑے مہابت و عزت اس کی واقع ہووے پھر دعا کرے اس دعا کے ساتھ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِعُلُوِّ مَكَانِكَ وَبِعِزَّةِ سُلْطَانِكَ وَارْتِفَاعِ قُدْرَتِكَ وَبِاَعْظَمِ اَسْمَائِكَ یَا اللّٰهُ یَا مُتَعَالُ یَا عَزِیْزُ۔ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا کَبِیْرُ۔ اَسْئَلُكَ بِكَ وَاِلَیْكَ وَلَا اَسْئَلُكَ یَا حَیُّ غَیْرَكَ اَنْ تَجْعَلَ لِیَ الْعِزَّةَ عَلٰی خَلْقِكَ وَعَظِّمْنِیْ فِیْ اَعْیُنِهِمْ وَاجْعَلْ لِیَ الْمَحَبَّةَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ یَا سَمِیْعُ یَا قَرِیْبُ یَا مُجِیْبُ سَخِّرْ لِیْ قُلُوْبَ خَلْقِكَ اَجْمَعِیْنَ یَا اللّٰهُ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ۔

۷۸۶

یا رفیع	یا علی	یا متعال	یا عزیز	یا عظیم
یا عزیز	یا عظیم	یا رفیع	یا علی	یا متعال
یا علی	یا متعال	یا عزیز	یا عظیم	یا رفیع
یا عظیم	یا رفیع	یا علی	یا متعال	یا عزیز
یا متعال	یا عزیز	یا عظیم	یا رفیع	یا علی

اور مجربات سے ہے کہ حفظ مسافرت کے واسطے اٹھالیوے سات کنکریاں اور پہلی کنکری پر ف اور دوسری پر

قؔ اور تیسری پر جؔ اور چوتھی پر مؔ اور پانچویں پر خؔ اور چھٹی پر مؔ اور ساتویں پر تؔ پڑھ کر دوسری۔ چوتھی۔ چھٹی کو تو داہنے ہاتھ میں لے لیوے اور بقیہ تین کو بائیں ہاتھ میں اس کے بعد داہنے ہاتھ والی چار کنکریوں کو زمین پر رکھ دیوے پھر اوّل کو اٹھاوے اور اس پر صرف اسی قدر پڑھے صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا۔ اور دوسری کو اٹھاوے اور صرف یہ پڑھے۔ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّاَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا۔ تیسری کو اٹھاوے تو یہ پڑھے وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا۔ اور چوتھی کے اٹھانے پر یہ پڑھے یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا۔ اس کے بعد انھیں چاروں کو زمین پر رکھ دے اور اوّل کو اٹھاوے تو عدانی پڑھے دوسری کو اٹھاوے تو عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ پڑھے۔ تیسری کو اٹھاوے تو حَسْبِیَ اللّٰہُ پڑھے اور چوتھی پر اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ۔ پھر رکھ دیوے زمین پر اور اٹھاوے مثل اوّل کے اسی طرح وہ سب پڑھے جو اوّل مرتبہ پڑھا تھا۔ پھر اوّل کنکری کو پھینک دیوے اپنے آگے کی طرف اور کہے جِبْرَائِیْلُ اَمَامِیْ اور دوسری کو پھینک دیوے پیچھے کی طرف اور کہے مِیْکَائِیْلُ خَلْفِیْ اور تیسری کو داہنی طرف اور کہے اِسْرَافِیْلُ عَنْ یَمِیْنِیْ۔ اور چوتھی کو بائیں طرف اور کہے عِزْرَائِیْلُ عَنْ یَسَارِیْ۔ وَاللّٰہُ مُحِیْطٌ بِیْ پھر بائیں ہاتھ والی تین کنکریوں پر یہ آیات پڑھے وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَیْنَکَ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَۃِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا۔ وَّجَعَلْنَا عَلٰی قُلُوْبِھِمْ اَکِنَّۃً اَنْ یَّفْقَھُوْہُ وَفِیْ اٰذَانِھِمْ وَقْرًا وَاِذَا ذَکَرْتَ رَبَّکَ فِی الْقُرْاٰنِ وَحْدَہٗ وَلَّوْا عَلٰٓی اَدْبَارِھِمْ نُفُوْرًا۔ اَفَرَاَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰھَہٗ ھَوٰہُ وَاَضَلَّہُ اللّٰہُ عَلٰی عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰی سَمْعِہٖ وَقَلْبِہٖ وَجَعَلَ عَلٰی بَصَرِہٖ غِشٰوَۃً فَمَنْ یَّھْدِیْہِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰہِ اَفَلَا تَذَکَّرُوْنَ۔ لَا تَخَافُ دَرَکًا وَّلَا تَخْشٰی۔ لَا تَخَفْ اِنَّکَ اَنْتَ الْاَعْلٰی۔ لَا تَخَفْ اِنَّکَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ لَا تَخَافَا اِنَّنِیْ مَعَکُمَا اَسْمَعُ وَاَرٰی۔ لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ اِنَّا مُنَجُّوْکَ وَاَھْلَکَ۔ لَا تَخَفْ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ۔ وَاللّٰہُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاسِ۔ اِنَّا کَفَیْنٰکَ الْمُسْتَھْزِئِیْنَ۔ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اور ان تینوں کنکریوں کو اپنے پاس رکھے اور سوتے وقت سرہانے رکھے اور حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کا برابر ورد رکھے خدا چاہے تو اس سفر میں کوئی امر مکروہ پیش نہ آئے گا۔

جو شخص ارادہ کرے دفع اعداء ظاہری و باطنی کا تو چاہیے کہ سترہ روز روزے رکھے اور ہر روز آیۂ شریفہ انیس ہزار نو مرتبہ پڑھے جب دعوت تمام ہو جاوے گی فتح پاوے گا اعداء پر۔

۱۹۰۰۹

اور اس آیۂ شریفہ کا چار ہزار مرتبہ بعد نماز صبح کے ہر روز پڑھنا ترقی قدر و عزت قاری اور مخذولی اعداء کے واسطے مفید ہے۔

اور جب کسی کی کوئی چیز یا مال ضائع ہو جائے تو اس آیۂ شریفہ کو نو سو ۹۰۰ مرتبہ پڑھے تو انشاء اللہ وہ مال مل جائے گا۔

اور جو شخص ارادہ کرے عزل ظالم جابر کا تو پڑھے اس آیہ شریفہ کو چالیس چھوارے کی گٹھلیوں پر بہ نیت عزل ظالم کے اور کہے معزول کیا میں نے فلاں بن فلاں کو عمل فلاں سے اور اُن گٹھلیوں کو کسی خندق ناپاک میں ڈال دیوے تو وہ معزول ہو جائے گا۔

- اگر سالک اس آیۂ شریفہ کی مدامت ہر نماز کے بعد رکھے اور اکثر پڑھا کرے تو انشاء اللہ رزق میں وسعت ہوگی۔

اور اگر اسی طرح اس کا نقش بساعت شرف زحل[1] اپنے پاس رکھے تو جو خدا سے مانگے وہ عطا ہو۔

- اور جو شخص بعد نماز صبح کے ننگے سر سجدہ کرے اور سجدہ میں اس کے عدد کے موافق ورد کرے تو مالدار ہو جاوے۔

اور جو اس آیۂ شریفہ کو اس کے عدد کے موافق ہر ایک گوشۂ مکان میں پڑھے تو وہ مکان حفاظت میں رہے گا اور خداوند کریم اس کو حیات خوش اور ولد صالح بھی عطا فرماوے گا اور خداوند کریم ہر حال میں اس کا مہربان و معین رہے گا۔

اگر اس کا وفق مکان میں رکھے تو جملہ درندگان وغیرہ سے امن میں رہے گا اور جس چیز میں رکھا جائے اس کی حفاظت ہوگی۔ وفق یہ ہے۔[2] وفق لکھنے کے بعد آیہ شریفہ اس کے عدد کے موافق پڑھے اور بعد تحریر وفق کے یہ دُعا لکھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَفِیْظًا لَا یُنْسٰی وَیَا مَنْ نِعْمَۃٌ لَا تُحْصٰی یَا مَنْ لَہُ الْعِزَّۃُ وَالْعُرْوَۃُ الْوُثْقٰی وَیَا مَنْ لَہُ الْعِزَّۃُ وَالثَّنَا وَلَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی اِحْفَظْ کَذَا وَکَذَا بِمَا حَفِظْتَ بِہِ الْاَرْضَ وَالسَّمَآءَ وَالْجَانَّ ظَهْرِیْ فِیْ حِفْظِكَ اِنَّكَ اَنْتَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوْنَ

۷۰۶

۲۷	۳۰	۳۳	۲۰
۳۲	۲۱	۲۶	۳۱
۲۲	۳۵	۲۸	۲۵
۲۹	۲۴	۲۳	۳۴

۷۸۶

ظ	ی	ن	ح
ح	ن	ی	ظ
ی	ظ	ح	ن
ن	ح	ظ	ی

اَلَّذِیْنَ قَالَ لَھُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَکُمْ فَاخْشَوْھُمْ فَزَادَھُمْ اِیْمَانًا وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَۃٍ مِّنَ اللّٰہِ وَفَضْلٍ لَّمْ یَمْسَسْھُمْ سُوْٓءٌ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰہِ وَاللّٰہُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِیْمٍ اور یہ دونوں اوفاق اور دعا[2]

۷۸۶

ب	ی	س	ح
ح	س	ی	ب
ی	ب	ح	س
س	ح	ب	ی

[1] زحل کو شرف ۲۱ درجہ پر برج میزان میں ہوتا ہے ۱۲ مترجم [2] جو ابھی اوپر لکھی گئی ہے ۱۲ منہ

حفاظت بھی حفاظت کے واسطے لکھی جائے۔

اور جو شخص اس آیۂ شریفہ کو بروز جمعہ جس وقت کہ امام منبر پر ہو ہزار مرتبہ بہ نیت دفعہ شر و ضرر اعداء و جلب رزق و سرور کے پڑھے تو اس سے حفاظت و غنائے نفس بھی حاصل ہوتا ہے۔

بعض عارفین سے روایت ہے کہ واسطے وسعت رزق حلال کے ہر جمعہ کو شروع اذان سے اس کے ختم ہونے تک اس دعاء کو ستر مرتبہ پڑھا کرے اَللّٰهُمَّ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِیَتِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

اور بعض عارفین نے اس کو یوں فرمایا ہے کہ جو اسی دعائی مذکور کو ہر جمعہ کو بعد نماز جمعہ کے بدون کلام بغیر پھیرنے منہ کے قبلہ کی طرف سے بعد مذکور مداومت رکھے رزق قلیل میں خداوند کریم بہت خیر و برکت عطا فرماوے۔

اور جو شخص مداومت کرے بعد ہر نماز کے علی الخصوص بعد نماز جمعہ کے اس دعا پر کہ جو آگے لکھی جاتی ہے تو وہ حفاظت میں رہے گا ہر ایک خوف سے اور منصور ہوگا اعدا پر اور رزق اس کو ایسی جگہ سے پہنچے گا کہ جہاں سے گمان اس کا نہیں ہے۔ اور اسباب معیشت کے اس پر آسان ہونگے اور جملہ حاجات اس کی روا ہوں گی اگرچہ نہایت مشکل و خلاف عقل ہوں اور خداوند کریم اس کو ایسا خزانہ عطا فرماوے گا کہ کبھی کم نہ ہو دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا اَللّٰهُ یَا عَلِیُّ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا جَوَادُ یَا بَاسِطُ یَا کَرِیْمُ یَا وَهَّابُ یَا ذَا الطَّوْلِ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُّ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ یَا عَلِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ اِنْفَحْنِیْ مِنْكَ بِنَفْحَةِ خَیْرٍ تُغْنِیْنِیْ بِهَا عَمَّنْ سِوَاكَ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَاءَكُمُ الْفَتْحُ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ ط اَللّٰهُمَّ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَاحْفَظْنِیْ بِمَا حَفِظْتَ بِهِ الذِّکْرَ وَانْصُرْنِیْ بِمَا نَصَرْتَ بِهِ الرُّسُلَ اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ۔

اور بعض عارفین ارباب بصائر نے ذکر کیا ہے کہ اس دعاء کی برکت سے ظالم اور جابر لوگ مطیع و منقاد ہو جاتے ہیں اور مداومت کرنے والا اعداء پر مظفر و منصور ہو جاتا ہے اور جو شخص نصف شب میں بعد معلوم نیت خالص سے دعاء کرے ضرور قبول ہوگی۔

فائدہ:۔ بعض عارفین نے درباب تفسیر آیۂ کریمہ فاذکرونی اذکرکم کے یہ لکھا ہے کہ جب ذاکر شوق محبت

کے ساتھ خداوند کو یاد کرتا ہے تو خداوند تعالیٰ اس کو وصل و قرب سے یاد کرتا ہے اور جب بندہ حمد و ثنا سے یاد کرتا ہے تو خدا تعالیٰ جزا اور احسان سے یاد کرتا ہے اور جب بندہ توبہ سے یاد کرتا ہے تو خدا تعالیٰ مغفرت سے یاد کرتا ہے اور جب بندہ دُعا سے تو خدا عطا سے اور جب بندہ سوال کے ساتھ تو خدا نوال و بخشش کے ساتھ۔ اور جب بندہ غفلت سے تو خدا بلا مہلت یاد کرتا ہے اور جب بندہ ندامت سے تو خدا بخشش سے اور جب بندہ معذرت سے تو خدا مغفرت سے اور جب بندہ ارادت سے تو خدا تعالیٰ افادت سے۔ اور جب بندہ تفضیل سے تو خدا تفضیل سے اور جب بندہ قلب سے تو خدا تعالیٰ کشف کروب سے اور جب بندہ بیان کے ساتھ تو خدا امان کے ساتھ ایسا ہی جب بندہ اعتقاد سے تو خدا اقتدار سے اور جب بندہ فنا سے تو خدا بقا سے اور جب بندہ اعتراف سے تو خدا محو اعتراف سے۔ اور جب بندہ صفات سے تو خدا اخلاص سے۔ اور جب بندہ صدق سے تو خدا رفق اور صفائی سے۔ اور جب بندہ طلبِ عفو اور تعظیم سے تو خدا تکریم اور ترکِ جفا سے۔ اور جب بندہ حفظ وفا اور ترکِ خطا سے تو خدا انواع عطا سے اور جب بندہ جہد سے تو خدا نعمت سے اور جب بندہ یاد کرتا ہے اپنی عبودیت کی حیثیت سے تو خدا تعالیٰ یاد کرتا ہے اپنی ربوبیت کی شان سے اور اللہ بہت ہی بڑا ہے اور اللہ سب کچھ خوب جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔

اور بعض عارفین نے فرمایا ہے استجابت دُعا کے واسطے اوقات خاص ہیں۔ علی الخصوص حدیث شریف میں وارد ہے کہ ثلث اخیر شب میں پروردگار عالم آسمان دنیا پر نزول اجلال فرماتا ہے اور ارشاد کرتا ہے کہ کون بندہ ہے کہ جو مجھ سے مانگے میں اس کو عطا کروں یہاں تک کہ صبح صادق ہو جاتی ہے۔

۴۵۰		
۱۴۹	۱۵۴	۱۴۷
۱۴۸	۱۵۰	۱۵۲
۱۵۳	۱۴۶	۱۵۱

فائدہ:۔ یہ وفق آیۂ شریفہ کا سفید حریر پر لکھے۔ اور بخور خوشبودار کرکے طالب اپنے پاس رکھے تو تاثیر عجیب مشاہدہ کرے۔

اگر کسی ظالم سے انتقام سرعت اور عجلت کے ساتھ لینا چاہے تو چاہیئے کہ اس عمل کا شروع سنیچر کے دن سے کرے اور ہر نماز کے بعد آیۂ شریفہ ہزار بار پڑھے اور رکھے اس تعویز کو نیچے جانماز کے۔ اور لکھے اس تعویز کو ساتھ نام ظالم کے اور لٹکاوے اس کو اُوپر شاخ انار ترش کے تو حصول مطلوب میں سُرعت ہو۔ پھر اگر اس میں زیادہ تر تصرّف چاہے تو وضو کامل کرے اور دو رکعت نماز پڑھے اوّل میں فاتحہ و آیۃ الکرسی اور دوسری میں آیۂ نور یعنی اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ مَثَلُ نُوْرِہٖ کَمِشْکٰوۃٍ فِیْھَا مِصْبَاحٌ ۭ اَلْمِصْبَاحُ فِیْ

ط۵ یہ فائدہ بالکل خارج از بحث ہے ۱۲ مترجم ۔

زُجَاجَةٍ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ اور بعد نماز کے درود شریف سو مرتبہ پڑھے اور یہ نقش لکھے اور آیہ شریفہ اُس کے عدد کے موافق پڑھے پھر دعا مانگے خشوع و خضوع سے پھر پڑھے اَلَمْ نَشْرَحْ تین مرتبہ پھر یہ دعا پڑھے

	۷۸۶	
۲۰۱	۲۰۶	۱۹۹
۲۰۲	۲۰۲	۲۰۴
۲۰۵	۱۹۸	۲۰۳

اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ مَّفَاتِيْحُ اَسْرَارِ الْغُيُوْبِ مَفَاتِيْحُ اَسْرَارِ الْقُلُوْبِ بِيَدِهٖ اَسْئَلُكَ عَنْ تَكْشِفَ لِيْ مِنْ كُلِّ سِرٍّ مَّكْتُوْمٍ وَّسِرٍّ مَّخْتُوْمٍ يَا مَنْ وَّسِعَ عِلْمُهٗ كُلَّ مَعْلُوْمٍ وَّاَحَاطَتْ خِبْرَتُهٗ بِبَاطِنِ كُلِّ مَفْهُوْمٍ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى شَمْسِ مَعَارِفِ اَسْمَآئِكَ وَمَظْهَرِ لَطَائِفِ اَسْرَارِهَا سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِ ذَاتِكَ وَمَشْهَدِ صِفَاتِكَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَكُلِّ مَنْسُوْبٍ اِلٰى هٰذِهِ الْجَنَابِ وَاَنْ تَشْهَدَنِيْ غَيْبَ كُلِّ شَيْءٍ يَا مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ حَلِيْمٌ عَلَّامٌ عَلِيْمٌ اور اس عَلِيْمٌ کے لفظ کو پندرہ مرتبہ تکرار کرے۔

فائدہ:۔ طالب صادق کو لازم ہے کہ رضائے خداوند کریم کو مقدم رکھے اور صدق نیت و اخلاص و اعتقاد و خشوع و خضوع وغیرہ کو جمیع اعمال میں مقدم جانے۔

فائدہ:۔ حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی رح سے روایت ہے کہ انھوں نے فرمایا ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ پاک رکھ کپڑوں کو ناپاکی سے اور قدم مار رضائے الٰہی میں ہر دم جب تجھ کو کچھ خوف ہو جن و انس سے تو پڑھ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

اور جب ارادہ ہو طلب اخلاص کا تو سورۂ اخلاص پڑھ۔

اور جب ارادہ ہو حفظ شر خلق سے تو سورۂ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ پڑھ۔

اور جب ارادہ ہو حفظ شر ناس سے تو سورۂ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھ۔

اور جب کہ امن چاہے شر اعداء سے تو رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔ اور رَبِّ اِنِّيْ مَظْلُوْمٌ فَانْتَصِرْ۔ اَللّٰهُمَّ لَا تَسْتَغْنِيْ قَلْبِيْ بِسِوَاكَ پڑھ۔

اور جب تنگی رزق سے پریشان ہو تو لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور اِنَّ اللّٰہَ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۔ اور اَللّٰہُ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ پڑھ ۔

فائدہ :۔ حضرت امام یافعیؒ نے اس تعویز ذیل کی خاصیت میں فرمایا ہے کہ جو اس کو لکھے اور اپنے پاس رکھے اللہ تعالیٰ اس کی سب مشکلات آسان فرمادے اور جو مانگے وہ عطا کرے اس کے رزق کو کشادہ کرے اور جو دیکھے اس کو دوست رکھے ۔ وہ تعویز یہ ہے :۔

مَعْمُولَاتِ صَمَدِیَّہ

معمولاتِ صمدیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین ۔ والعاقبۃ للمتقین ۔ والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین سیدنا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین ۔ بعد حمد و نعت کے احقر عبد الصمد رضوی عفی عنہ چند اعمال اور اوفاق مفیدہ و مجربہ سہل و آسان نفع خاص و عام کے واسطے تحریر کرتا ہے خدا تعالیٰ تاثیر بخشے اور توفیق نیک عطا فرماوے ۔

اللہ المستعان وعلیہ التکلان

تمہید

جاننا چاہیے کہ اعمال و اوراد و اوفاق میں تاثیر کامل و عاجل پوری پوری اسی وقت بخوبی حاصل ہوسکتی ہے کہ جب خاص حروف تہجی و اسمائے باری تعالیٰ و اس کے موکلات اور اس کے منسوبات اور تاثیرات بروج و نجوم اور اس کے متعلقات سے واقفیت تامہ حاصل کرکے جمیع شرائط دعوت کبیر و نصاب و زکوٰۃ و قفل و دَور و مدور وغیرہ کو بکمال احتیاط ترکِ حیوانات جلالی و جمالی و متحمل جفاکشی و ریاضت شاقہ و خلوت و عزلت و اعتکاف و صوم کے (کہ یہ سب نہایت مشکل بلکہ قریب غیر ممکن الوقوع کے ہیں) بلکہ کم و کاست پورے پورے طور پر بجالاوے ۔ سوائے اس کے ایسے اعمال میں خود اُستاد عامل یا مرشد کامل کا پاس موجود رہنا بھی ضروریات سے شمار کیا گیا ہے کیونکہ اس میں ادنیٰ بے احتیاطی سے ہر وقت رجعت کا خوف لگا رہتا ہے لہٰذا ان سب شرائط صعب اور اعمال دشوار گزار سے قطع نظر کرکے صرف آسان آسان اعمال اور اُن کی آسان آسان شرطیں جو کہ بہت ضروری و لابدی تھیں وہی درج کی گئیں خدا تعالیٰ عمل کی توفیق عطا فرماوے ۔ اور تاثیر کامل بخشے ۔ آمین ۔

فائدہ اوّل :- بیان اُن پچیس۲۵ شرائط کا کہ جو ہر اعمال و اوفاق کے واسطے لابدی ہیں (۱) صفائی ظاہر و باطن۔ (۲) طہارت کامل (۳) صدق نیت (۴) صدقہ و خیرات حسب مقدور (۵) نفور صحبت اشرار و گریز اختلاط اغنیا و امراء سے (۶) کثرت استعمال اشیائے خوشبودار عطریات (۷) ترک استعمال اشیائے بوئے بد مثل حقہ و پیاز و لہسن و مولی وغیرہ کے (۸) بخور خوشبودار وقت عمل مثل لوبان۔ عود۔ عنبر مشک۔ زعفران۔ سعد کوفی وغیرہ (۹) خلوت و تنہائی (۱۰) خلوص قلب (۱۱) خشوع و خضوع (۱۲) قصور مطلب و مطلوب (۱۳) توجہ تام (۱۴) اکل حلال (۱۵) صدق مقال (۱۶) احتراز و احتیاط امور غیر مشروع شرعیہ سے (۱۷) قلت کلام و قلت طعام و قلت منام کی عادت کرے (۱۸) قرأت درود شریف اوّل و آخر دعا کے بحساب عشر مقدار اعداد دعا برعایت عدد طاق کے (۱۹) آیات و دعاء کے معانی پر عبور (۲۰) خانہ پری اوفاق حسب رفتار و اصول اور سب خانے اوفاق کے برابر یکساں رہیں (۲۱) اکثر قرأت استغفار۔ درود شریف۔ حوقلہ۔ کلمہ طیبہ بلاقید وقت و تعداد کے (۲۲) اگر اوّل و آخر عمل کے تین تین روزے نہ رکھ سکے تو صرف ایک ہی ایک روزہ اوّل و آخر ضرور رکھے (۲۳) اجابت اوقات دعاء کا زیادہ تر خیال رہے خاص کر آخر شب اور سحر کے وقت کو ہاتھ سے نہ جانے دے (۲۴) جن اعمال میں شرائط ستارگان اور ساعات کی قید نہیں ہے ان میں ضرور ہے کہ ابتدائے عمل کی عروج ماہ شب پنجشنبہ یا روز پنجشنبہ خواہ شب جمعہ یا روز جمعہ سے کیا کرے (۲۵) تمامی اوفاق میں ضرور ہے کہ سب سے اوّل اربع عناصر کا عمل کر لیا جائے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ تعویذ کو موافق تعداد اعداد اس کے بموجب شرائط کے لکھ کر اس کے چار حصے کرے۔ اوّل حصہ کو آگ میں جلا دیوے دوسرے حصہ کو ندی یا نہر جاری کے کنارے ریگ کے نیچے مدفون کر دے تیسرے حصہ کو آب رواں میں چھوڑ دے یا آٹے میں گولیاں بنا کر مچھلیوں کو کھلاوے اور چوتھے حصہ کو کسی باغ عمدہ کے اشجار ثمر دار شیریں پُر رشتہ خام سے باندھ کر آویزاں کر دے پھر اس کے بعد دو تعویذ اور لکھے ایک اپنے پاس اور دوسرا تکیہ میں رکھے اور یہ عمل بروز پنجشنبہ عروج ماہ میں ہونا چاہیے۔

فائدہ دوم۲ :- استخراج ساعات شبا روزی و رفتار مثلث و مربع و مخمس کے بیان میں کہ جن کی ضرورت خاص کر اس میں واقع ہوتی ہے۔

واضح ہو کہ ساعات ستارگان رات دن میں اسی ترتیب سے برابر آیا کرتی ہیں۔ ل۔ ی۔ خ۔ س۔ ز۔ د۔ ما۔ (زحل مشتری مریخ شمس زہرہ عطارد قمر)
یعنی اوّل زحل پھر اس کے بعد مشتری پھر مریخ پھر شمس یعنی آفتاب پھر زہرہ پھر عطارد پھر قمر اسی طرح بعد ختم ایک دور کے پھر اور دور متواتر ایسے ہی ہوتے رہتے ہیں جس ستارے کی ساعت سے جو دن شروع ہوتا ہے اس کو اسی کا رب الیوم کہتے ہیں چنانچہ سنیچر کا رب الیوم زحل ہے اتوار کا آفتاب پیر کا چاند منگل کا مریخ بدھ کا عطارد جمعرات کا مشتری

جمعہ کا زہرہ اس طور پر جس کی جدول یہ ہے ۔

یوم شنبہ	ل	ی	خ	س	ہ	د	ر
یوم یکشنبہ	س	ہ	د	ر	ل	ی	خ
یوم دوشنبہ	ر	ل	ی	خ	س	ہ	د
یوم سہ شنبہ	خ	س	ہ	د	ر	ل	ی
یوم چہارشنبہ	د	ر	ل	ی	خ	س	ہ
یوم پنجشنبہ	ی	خ	س	ہ	د	ر	ل
یوم الجمعۃ	ہ	د	ر	ل	ی	خ	س

مثال :- مثلاً جمعہ کے روز بارہ ۱۲ بجے کے بعد سے ایک بجے تک کی ساعت دریافت کیا چاہتے ہیں کہ اس وقت کس ستارہ کی ساعت اور کس کا عمل ہے تو اوّل دریافت کیا کہ اس کا ربُّ الیوم زہرہ ہے اور طلوع آفتاب مثلاً چھ بجے ہوتا ہے تو اس طرح پر اس کا استخراج ہوا ۔ ہ د ر ل ی خ س ۔ پس معلوم ہوا کہ اس وقت آفتاب کا عمل یعنی آفتاب کی ساعت ہے ۔

نقش بھرنے کی ضروری مختصر ترکیب مع رفتار کے

مثلث میں بارہ ۱۲ طرح دے کر ثلث سے بھرنا چاہیے ۔ ایک کسر ہو تو خانہ ۷ ۔ دو ہو تو خانہ ۴ میں اضافہ کیا جائے ۔

مربع میں تینتیس ۳۳ طرح دے کر ربع سے بھرنا چاہیے جو کچھ کسر ہو خانہ ۱۳ میں زیادہ کی جائے ۔

مخمس میں ساٹھ ۶۰ طرح دے کر خمس سے بھرنا شروع کرے ایک کسر ہو تو خانہ ۲۱ ۔ دو ہو تو خانہ ۱۶ ۔ تین ہو تو ۱۱ ۔ چار ہو تو خانہ پنجم میں اضافہ کر کے نقش پورا کرے ۔

اور رفتار ان سبھوں کی اس طرح ہے ۔

دو اسپ و پیادہ و دو فرزین　　　انگاہ پیادہ دو اسپ است

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

۱۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

۱۹	۲۵	۱	۷	۱۳
۲	۸	۱۴	۲۰	۲۱
۱۵	۱۶	۲۲	۳	۹
۲۳	۴	۱۰	۱۱	۱۷
۶	۱۲	۱۸	۲۴	۵

اسپ دفرزین اسپ رخ باز اسپ فرزین اسپ گیر — فیل وار از ہر مربع یک عدد کمتر بگیر

یہاں اسی قدر لکھنا کافی ہے اگر اس سے زیادہ کی ضرورت ہو تو بڑی کتابوں کی طرف رجوع کی جائے۔

فائدہ سوم :- خواص لوح آیہ کریمہ سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ الرَّحِیْمِ اس کے اعداد (۸۱۸) ہیں۔ اس آیہ معظمہ کے خواص بیشمار عجیب غریب ہیں۔ کیونکہ یہ آیۃ سورۂ یٰسٓ کا قلب ہے اور سورۂ موصوفہ قرآن مجید کا قلب ہے۔ پس یہ آیۃ گویا قلب قلب القرآن ہے جالب منافع ودفع مضار کے لئے اس کو دخل عظیم ہے۔ اس کے تعویز مظہر ومضمر و ذوالکتابہ تین طریقہ پر شرف آفتاب میں لکھے جاتے ہیں۔

اوّل مظہر

۸۱۸

سَلَامٌ	قَوْلًا	مِّن رَّبٍّ	رَّحِیْم
رَّحِیْم	مِّن رَّبٍّ	قَوْلًا	سَلَامٌ
قَوْلًا	سَلَامٌ	رَّحِیْم	مِّن رَّبٍّ
مِّن رَّبٍّ	رَّحِیْم	سَلَامٌ	قَوْلًا

دوم مضمر

۸۱۸

۱۹۷	۲۱۰	۲۰۷	۲۰۴
۲۰۸	۲۰۳	۱۹۸	۲۰۹
۲۰۲	۲۰۵	۲۱۲	۱۹۹
۲۱۱	۲۰۰	۲۰۱	۲۰۶

سوم ذوالکتابہ

۸۱۸

سَلَامٌ	قَوْلًا	مِّن رَّبٍّ	رَّحِیْم
۲۹۳	۲۵۷	۱۳۲	۱۳۶
۲۵۶	۲۹۰	۱۲۹	۱۳۳
۱۱۸	۱۳۴	۲۵۵	۲۹۱

آفتاب کو شرف برج حمل میں انیسویں درجہ پر ہوتا ہے۔ ہمیشہ ۲۰۔ اپریل خواہ یکم مئی کو کسی وقت ہوتا ہے تقویم سالانہ سے یہ امر بخوبی دریافت ہو سکتا ہے۔ پس شرف آفتاب میں بساعت شمس خواہ مشتری اس تعویز ذوالکتابہ کو برعایت شرائط تانبے کی تختی پر نقش کرے پھر یہ آیۃ اس پر ۸۱۸ مرتبہ پڑھے اور سورۂ یٰسٓ ایک مرتبہ اس ترکیب سے پڑھ کر اس پر دم کرے کہ ہر ہر لفظ مُبِین سے از سر نو ابتداء کرتا ہے جب اس طریقہ سے سورۂ مذکورہ ختم ہو جاوے سر برہنہ سجدہ میں جاکر اپنی حاجت طلب کرے اس کے بعد ہر روز بلاناغہ بعد نماز صبح ایک تعویز کاغذ سفید پر لکھے اور اس پر آیۃ ۸۱۸ مرتبہ اور سورۂ مسطورہ بترکیب بالا ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور تعویز کو اپنے پاس رکھے اور اسی طرح ہر روز نیا تعویز بدلتا رہے اور پچھلے تعویزوں کو آب رواں میں ڈالتا رہے۔ چالیس روز تک بلاناغہ ایسا ہی عمل کرے اور لوح مذکورہ ہمیشہ اپنے پاس رکھے اور ہر روز عمل کے وقت اس کو روبرو رکھے اس کے بعد جس مطلب و مقصد کے واسطے اس کا تعویز کاغذ سفید ابرن کی جھلی پر شرف آفتاب کا لکھا ہوا جس کسی کو دے گا انشاء اللہ ضرور مفید ہو گا۔ (۱) سرخروئی حکام و اعزاز کے واسطے یہ تعویز عمامہ میں رکھا جائے (۲) خلاصی محبوس کے سینے گلے میں لٹکایا جائے (۳) خلاصی درد زہ کے واسطے بائیں ران پر رشتہ خام سے باندھا جائے (۴) حفاظت اطفال کے واسطے گلے میں لٹکایا جائے (۵) مال ومتاع کی

حفاظت کے لیے اُس مال میں رکھا جائے جس کی حفاظت منظور ہو (۲) ترقی رزق و فتوح کے واسطے اپنے پاس رکھے (۱) محبت و تسخیر خلائق کے لیے بازوئے دستِ راست پر باندھا جاوے۔

عامل کو چاہیے کہ بقائے عمل کے لیے سورۂ یٰس و آیۂ کریمہ کا ورد ہمیشہ رکھے اور لوح مذکور کو پڑھتے وقت مد نظر اور پھر اس کو ہمیشہ اپنے پاس یا تکیہ میں رکھے۔

فائدہ چہارم:۔ خواص لوح آیہ قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تا بِغَیْرِ حِسَابٍ اس کے اعداد (۱۶۸۹۸) ہیں اور یہ اس کی لوح ہے۔

۷۸۶

۴۲۲۰	۴۲۲۳	۴۲۲۸	۴۲۱۳
۴۲۲۷	۴۲۱۴	۴۲۱۹	۴۲۲۴
۴۲۱۵	۴۲۳۰	۴۲۲۱	۴۲۱۸
۴۲۲۲	۴۲۱۷	۴۲۱۶	۴۲۲۹

یہ عمل خاص واسطے عروج و ترقی رزق و فتوحات کے سریع الاجابت ہے۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ شرف آفتاب میں بساعت آفتاب اس لوح کو حسب شرائط تانبے کی تختی مربع پر نقش کرے اول تعویز کو حسب رفتار لکھے پھر اس کے گرد اکتالیس میم اسی طرح کی مدور جیسے کہ اس میں لکھی ہیں (یعنی م) پھر اس کے اوپر نقش سلیمانی کی سطر گرداگرد جیسے کہ اس میں ہے لکھے۔ اس کے بعد ہر صبح بعد نماز صبح اوّل ذکر استغفار و دُرود شریف میں مشغول رہے یہاں تک کہ سورج نکلے پھر سورج کے طلوع ہوتے ہی فوراً پشت بہ قبلہ شرق رو بیٹھ کر لوح مذکورہ رُو برو رکھے اور ایک تعویز کاغذی بھی اسی کا لکھ کر سامنے رکھ لے اور پھر آیۂ مذکورہ ۴۲۳ بار اور سورہ والشمس ۹ بار اور درود شریف اول و آخر بحساب بحساب عشر پڑھ کر اس پر دم کرے اور چار رکعت نماز چاشت ادا کرے اس ترکیب سے کہ اوّل رکعت میں بعد فاتحہ سورۂ وَالشَّمْس دوسری میں وَاللَّیْل تیسری میں وَالضُّحٰی چوتھی میں اَلَمْ نَشْرَحْ بعد فراغ نماز آیۂ مذکورہ و سورۂ مذکورہ نو نو مرتبہ پڑھ کر سجدہ میں سر برہنہ اپنی حاجت خداوند کریم سے طلب کرے۔ واضح ہو کہ صبح سے چاشت تک سوائے اس کے اور نہ کوئی کام کرے اور نہ کچھ کلام کرے خلوت میں یہ عمل کرے چالیس روز تک برابر بلا ناغہ اسی طرح یہ عمل کرتا رہے بعد پورے ہو جانے چلّہ کے آیۂ مذکورہ اور سورۂ مذکورہ کا ورد نو نو مرتبہ لوح کے روبرو رکھ کر اور لوح کو ہمیشہ اپنے پاس یا اپنے تکیہ میں رکھے۔

فائدہ پنجم:۔ خواص لوح یَا عَزِیْزُ۔ اعداد اس کے ۹۴ ہیں اور صورت لوح سامنے صفحہ پر ہے۔ تقرب و عزت امراء و حکام کے واسطے اس لوح کو شرف قمر میں بساعت قمر چاندی کی چھوٹی تختی مربع پر نقش کرکے اور اس پر اسم مذکور

٢٣	٢٦	٢٩	١٦
٢٨	١٧	٢٢	٢٧
١٨	٣١	٢٤	٢١
٢٥	٢٠	١٩	٣٠

۹۴ مرتبہ اور دعائے ذیل ۲۳ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس کی انگشتری نقرئی بنوا کر ہمیشہ دستِ راست کی چھوٹی انگلی میں پہنے رہے اور اسم اور دُعاء کا ورد بتعداد مذکور ہمیشہ رکھے دُعاء یہ ہے یَا عَزِیْزُ عَزِّزْنِیْ فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ۔ قمر کو شرف برج ثور کے تیسرے درجہ پر ہوتا ہے اور یہ ہر ماہ کی کسی ایک تاریخ کو ہوتا ہے اور تقویم سے بخوبی دریافت ہو سکتا ہے۔

فائدہ ششم؛۔ خواص لوح حروف مقطعات قرآنی۔ اعداد اس کے ۶۹۳ ہیں لوح کی صورت یہ ہے۔ آفتاب

٢٣٢	٢٢٧	٢٣٤
٢٣٣	٢٣١	٢٢٩
٢٢٨	٢٣٥	٢٣٠

بساعت مشتری چاندی کی چھوٹی تختی پر نقش کرے اور اس پر دعائے ذیل ۹۴ بار پڑھ کر دم کرے اور اس کی انگشتری نقرئی بنوا کر دستِ راست میں پہنے دُعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ یَا بُنَا تَبَارَكَ حِیْطَانُنَا یٰسٓ سَقْفُنَا كٓهٰیٰعٓصٓ كِفَایَتُنَا حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَایَتُنَا فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

فائدہ ہفتم؛۔ خواص لوح حروف صامتہ۔ اعداد اس کے ۵۴۳ ۔ صورت لوح یہ ہے۔ زبان بندی حاسدان و معاندان کے لئے یہ تعویذ لوح آہنی پر جبکہ قمر تحت الشعاع ہو۔ بساعت عطارد یا بساعت زحل نقش کرکے اس پر یہ آیات ۵۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ہمیشہ تکیہ میں رکھے هٰذَا یَوْمُ لَا یَنْطِقُوْنَ وَلَا یُؤْذَنُ لَهُمْ فَیَعْتَذِرُوْنَ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ۔ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ۔ قمر تحت الشعاع ہر ماہ میں ۲۷، ۲۸، ۲۹ تاریخوں میں سے کسی ایک تاریخ کو کسی وقت ہوتا ہے اور یہ امر تقویم سے بخوبی دریافت ہو سکتا ہے۔

١٨٠	١٨٥	١٧٨
١٧٩	١٨١	١٨٣
١٨٤	١٧٧	١٨٢

فائدہ ہشتم؛۔ خواص لوح اعداد متحابہ۔ یہ عمل خاص محبت و اتفاق طالب و مطلوب کے واسطے ہے۔ یہ دو عدد ہیں۔ اوّل (رک ۲۲۰) دوم (رفد ۲۸۴) اس کی ترکیب بہت مشکل ہے۔ مگر یہاں ایک آسان ترکیب بطور مثال کے استخراج کرکے لکھ دی جاتی ہے تاکہ طالب اس کو غور و تامل کرکے اس سے مستفید ہو سکے۔

مثلاً زید بن مریم بکر بن آسیہ سے دوستی و موافقت چاہتا ہے پس زید طالب ہوا اور بکر مطلوب۔ صورت

استخراج کی یہ ہے ۔

عدد طالب مع الامام	عدد مطلوب مع الامام
۳۶۳	۳۵۰
۲۸۴	۲۲۰
۶۴۷	۵۷۰
۳۲۳ ½	۲۸۵
۲	۴
۳۲۰	۲۸۱
اس کو بقیہ آٹھ خانوں میں پُر کرے ۔	اس کو آٹھ خانے اوّل میں حسبِ رفتار پُر کرے ۔

۷۸۶

۲۸۱	۲۲۵	۲۲۲	۲۸۹
۳۲۳	۲۸۸	۲۸۲	۳۲۴
۲۸۷	۳۲۰	۳۲۷	۲۸۳
۳۲۶	۲۸۴	۲۸۶	۳۲۱

جب اعداد میں کچھ کسر آجاوے تو اس کو پانچویں خانہ میں یاد کر دے ۔ پس جب یہ ترکیب سمجھ میں آجاوے اور اس ترکیب سے تعویز مرتب ہو جائے تب اُس تعویز کو وقت شرف زہرہ خواہ شرف مشتری میں بساعت زہرہ یا مشتری چاندی کی تختی پر

کل ضلع اس کا ۱۲۱۷ ہوا ۔ اور تعویز اس کا یہ ہُوا ۔

نقش کرے اور اس پر یہ آیۃ بتعداد حروف اس کے پڑھ کر دم کرے اور اپنے پاس رکھے ہر روز لوح مذکور کو دیکھتا ہے اور یہ آیۃ پڑھتا ہے یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ شرف زہرہ برج حوت میں ۲۷ درجہ اور شرف مشتری برج سرطان میں ۵ ا درجہ پر ہوتا ہے ۔ ۱۵ درجہ

فائدہ نہم ۹ :- خواص آیۂ کریمہ ذالنون لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۔ اس کے اعداد (۲۳۷۵) ہیں یہ اس کا نقش ہے ۔

۷۸۶

۵۸۶	۶۰۰	۵۹۶	۵۹۳
۵۹۷	۵۹۲	۵۸۷	۵۹۹
۵۹۱	۵۹۴	۶۰۲	۵۸۸
۶۰۱	۵۸۹	۵۹۰	۵۹۵

دفعیہ جمیع ہم وغم کے واسطے اس تعویز کو حسبِ شرائط اوّل لکھ کر روبرو رکھ لیوے پھر آیہ کریمہ اس پر بتعداد مذکورہ پڑھ کر دم کرے اور وہ تعویز اپنے پاس رکھے ۔ دُوسرے روز پہلا تعویز آبِ رواں میں ڈال دے اور دوسرا تعویز لکھے اور آیہ کریمہ بدستور پڑھ کر اپنے پاس رکھے ۔ اسی طرح چالیس روز پڑھتا و بدلتا رہے بعد چلہ کے جو تعویز لکھے اس کو اپنے پاس رکھے اور ۳۳ مرتبہ آیۂ کریمہ ہمیشہ پڑھ لیا کرے ۔

فائدہ دہم ۱۰ :- خواص آیہ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ... رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۔ اعداد اس کے (۶۷۸۰) اور تعویز مربع حسبِ اختیار پُر کرے ۔

اس آیۂ شریفہ کا عمل خاص استخارۂ خیر و شر و دفع رنج و غم کے لئے اور عام ہر ایک حاجت اور مطلب کے واسطے نہایت نافع ہے۔ بعد نماز عشاء کے اس کا ایک تعویذ حسب شرائط لکھے اور اس پر ایک سو ستر مرتبہ آیۂ شریفہ پڑھ کر دم کرے اور اس تعویذ کو سرہانے تکیہ میں رکھ کر سو رہے اور جو کچھ خواب میں دیکھے کسی سے بیان نہ کرے ایک چلّہ تک ایسا ہی کرے اور تعویذ بدلتا رہے بعد چلّہ کے ستر مرتبہ ہر روز سوتے وقت پڑھ لیا کرے۔

فائدہ یازدہم[۱۱]:- خواص آیہ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ۔ اس کے اعداد (۱۲۸۷) ہیں۔ وہ تعویذ یہ ہے۔ حسب شرائط بہ نیت وسعت رزق کے اس کا تعویذ لکھے اور موافق اعداد کے آیہ مذکور پڑھے اور بعد چلّہ کے ان اسماء کو اسی کے عدد کے موافق پڑھ لیا کرے یَا لَطِیْفُ یَا قَوِیُّ یَا عَزِیْزُ۔

۷۸۶

۳۲۱	۳۲۴	۳۲۰	۳۱۴
۳۲۷	۳۱۵	۳۲۰	۳۲۹
۳۱۶	۳۳۰	۳۲۲	۳۱۹
۳۲۳۰	۳۱۸	۳۱۷	۳۲۹

فائدہ دوازدہم[۱۲]:- عمل سورہ مُزَّمِّل واسطے فتوحات کے مفید ہے۔ ہر روز یہ سورہ تین مرتبہ بعد نماز صبح اور تین مرتبہ بعد نماز عشاء کے اس ترکیب سے پڑھا کرے کہ جب اس آیۃ پر پہنچے رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا تو اس آیۃ کو تین بار تکرار کرے اور یہ تعویذ روبرو رکھ کر حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۴۵۰ بار پڑھے اور سورۂ مذکورہ کو تمام کرے سب کے آخر میں سجدہ کرے اور حاجت طلب کرے۔ یہ تعویذ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کا ہے جس کے اعداد ۴۵۰ ہیں۔

۷۸۶

۱۱۲	۱۱۵	۱۱۸	۱۰۵
۱۱۷	۱۰۶	۱۱۱	۱۱۶
۱۰۷	۱۲۰	۱۱۳	۱۱۰
۱۰۴	۱۰۹	۱۰۸	۱۱۹

فائدہ سیزدہم[۱۳]:- عمل سُوْرَۃُ وَاقِعَہ دفع فقر و فاقہ و ادائے قرض کیلئے نہایت مفید ہے۔ درمیان مغرب و عشاء کے یہ سورہ تین مرتبہ پڑھا کرے اور ہر مرتبہ ختم سورہ پر یہ دعاء تین مرتبہ پڑھے مگر چلّہ ختم ہونے کے دن سب کے آخر میں یہ دعاء ۲۵۳ مرتبہ پڑھ کر سجدہ میں اپنی حاجت طلب کرے۔ اَللّٰھُمَّ یَا رَازِقَ الْمُفْلِسِیْنَ وَیَا رَاحِمَ الْمَسَاکِیْنَ وَیَا خَیْرَ النَّاصِرِیْنَ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ رِزْقُنَا فِی السَّمَآءِ فَاَنْزِلْہُ وَاِنْ کَانَ فِی الْاَرْضِ فَاَخْرِجْہُ وَاِنْ کَانَ مَعْدُوْمًا فَاَثْبِتْہُ وَاِنْ کَانَ بَعِیْدًا فَقَرِّبْہُ وَاِنْ کَانَ قَرِیْبًا فَیَسِّرْہُ وَاِنْ کَانَ یَسِیْرًا فَکَثِّرْہُ وَاِنْ کَانَ کَثِیْرًا فَطَیِّبْ لَنَا وَبَارِکْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔ بعد ختم چلّہ ایک مرتبہ سورہ اور ایک مرتبہ دعا کا ہمیشہ ورد رکھے۔

فائدہ چہاردہم[14] :- عمل سُورَۃُ فَاتِحَۃ واسطے ترقی رزق وقضائے حاجت کے ہمیشہ اس سورۂ متبرکہ کو سنت اور فرض فجر کے درمیان میں ۴۱ بار بوصل میم بِسْمِ اللّٰہِ کے ساتھ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کے پڑھے اور بعد فرض کے طلوع شمس تک استغفار و درود شریف برابر ورد رکھے اور ہمیشہ نماز صبح اوّل وقت پڑھے۔ جب تک نماز و وظیفہ سے فراغت نہ ہو صراحتہً یا کنایۃً کوئی کلام نہ کرے۔ ---- رحیمِ الحمدُ للہ رب العالمین (م کو الحمد کے ل کے ساتھ متصل کرو)

فائدہ پانزدہم[15] :- خواص اَسْمَآءِ اَصْحَابِ کَہْف یہ سات نام امان ہیں حرق و غرق و سرق سے جس شخص کے پاس یہ ہوں یا جس مال و متاع یا مکان میں ہوں وہ سب بفضلِ خدا محفوظ رہتے ہیں جملہ مکروہات و آفات سے۔ اس کے اعداد (۳۵۶۴) ہیں۔ اس کا تعویذ اور اس کی دعا دونوں علیحدہ علیحدہ لکھے جاتے ہیں تعویذ یہ ہے۔ حسب شرائط لکھ کر اس پر یہ دعاء بتعداد حروف اس دعا کے پڑھنا ضرور ہے۔ یَمْلِیْخَا۔ مَکْسَلْمِیْنَا کَشْفُوْطَطْ۔ اَذْرَفَطْیُوْنَسْ۔ کَشَافَطْیُوْنَسْ۔ تَبْیُوْنَسْ۔ یُوَانِسْ بُوْس۔ وَکَلْبُھُمْ قِطْمِیْرُ وَعَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْلِ

٧٨٦

٨٩٠	٨٩٣	٨٩٨	٨٨٣
٨٩٧	٨٨٤	٨٨٩	٨٩٤
٨٨٥	٩٠٠	٨٩١	٨٨٨
٨٩٢	٨٨٧	٨٨٠	٨٩٩

وَمِنْھَا جَآئِرٌ اِحْفَظْ ھٰذَا عَنِ الْحَرْقِ وَالْغَرْقِ وَالسَّرْقِ جَمِیْعِ الْاٰفَاتِ وَالْعَاھَاتِ بِرَحْمَتِكَ وَفَضْلِكَ۔

ان ناموں میں بہت اختلاف ہے جو مجھ کو صحت سے ملا ہے اور میرا معمول ہے وہ یہی ہے۔

فائدہ شانزدہم[16] :- اوراد شب جمعہ و روز جمعہ۔ جمعہ و شب جمعہ کو جس قدر ممکن ہو سکے استغفار و درود شریف کا وِرد ادائے قرض و غنائے قلبی کو بہت مفید ہے۔ شب جمعہ کو یہ دعاء وقت خواب ۴۹ بار پڑھے یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ اور بروز جمعہ قبل نماز جمعہ یا بعد نماز جمعہ کے یہ دعاء بلا کلام کے ستر بار پڑھے اَللّٰھُمَّ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِیَتِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

فائدہ ہفدہم[17] :- وسعت رزق کے واسطے درمیان مغرب و عشاء کے بعد صلوٰۃ الاوابین کے اس آیۃ کو ۶۳۸ مرتبہ پڑھا کرے وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا۔

فائدہ ہجدہم[18] :- درمیان سنت و فرض صبح کے اس دعا کو ۴۱ بار پڑھا کرے خدا چاہے تو سب کام خاطر خواہ ہوں یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔

فائدہ نوزدہم[19] :- جب کوئی مشکل پیش آوے تو چاہیے کہ بعد وضو کامل و خلوت دو رکعت نماز پڑھے اور پھر

یہ دعا بتعداد حروف ۲۱۹ بار پڑھے اور سجدہ میں اپنی حاجت طلب کرے اَللّٰھُمَّ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدِ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ وَجْھِکَ الَّذِیْ مَلَأَ اَرْکَانَ عَرْشِکَ وَبِقُدْرَتِکَ الَّتِیْ قَدَرْتَ بِھَا عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِکَ وَبِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا غِیَاثُ اَغِثْنِیْ یَا غِیَاثُ اَغِثْنِیْ یَا غِیَاثُ اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ تین روز تک متواتر یہ عمل کرے۔

فائدہ بستم[20]:۔ جب کوئی ایسی مہم پیش آوے کہ اس کی تدبیر سے عاجز ہو تو چاہیے کہ اس دعا کو تین[3] روز برابر موافق شرائط کے ۱۶۹ بار ہر روز پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِمُحَمَّدٍ وَّ رِفْعَتِہٖ وَبِصِدْقِ اَبِیْ بَکْرٍ وَّخِلَافَتِہٖ وَبِعَدْلِ عُمَرَ وَصَلَابَتِہٖ وَبِحَیَاءِ عُثْمَانَ وَسَخَاوَتِہٖ وَبِعِلْمِ عَلِیٍّ وَّشُجَاعَتِہٖ وَبِشَرَفِ فَاطِمَۃَ وَنِسْبَتِھَا وَبِسَخَاوَۃِ الْحَسَنِ وَرُتْبَتِہٖ وَبِشَھَادَۃِ الْحُسَیْنِ وَغُرْبَتِہٖ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ۔

فائدہ بست ویکم[21]:۔ واسطے قضائے حاجات وعزت وحرمت دخول امراء وحکام کے۔ چاہیے کہ اول پنجشنبہ عروج ماہ میں روزہ رکھے اور انگور یا کشمش یا خرمے سے روزہ افطار کرے اور نماز مغرب پڑھ کر پوری بِسْمِ اللّٰہِ کو ایک سو اکیس[121] بار پڑھے پھر نماز عشاء کی پڑھے اور اسی جگہ بِسْمِ اللّٰہِ پڑھتے پڑھتے بلا تعداد سو جائے اور صبح صادق کے وقت اٹھے اور بعد نماز بِسْمِ اللّٰہِ کو ۷۸۶ بار پڑھے اور یہ دونوں تعویذ اس کے مظہر و مضمر لکھ کر اپنے پاس رکھے مگر اس کا عمل اربع عناصر حسب قاعدہ پہلے کر لینا چاہیے۔

۷۸۶

بِسْمِ	اللّٰہِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ
الرَّحِیْمِ	الرَّحْمٰنِ	اللّٰہِ	بِسْمِ
اللّٰہِ	بِسْمِ	الرَّحِیْمِ	الرَّحْمٰنِ
الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ	بِسْمِ	اللّٰہِ

۷۸۶

۱۸۹	۲۰۲	۱۹۹	۱۹۶
۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰	۲۰۱
۱۹۴	۱۹۷	۲۰۴	۱۹۱
۲۰۳	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸

فائدہ بست ودوم[22]:۔ بیان عمل یَا لَطِیْفُ اسکے اعداد کبیر (۱۶۶۴۱) اور اس کی چار خاصیتیں ہیں۔ اس کا تعویذ یہ ہے۔ اوّل واسطے وسعت رزق کے اس کی ترکیب یہ ہے کہ عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ روزہ رکھے اور برعایت شرائط

۷۸۶

۴۱۵۲	۴۱۶۵	۴۱۶۲	۴۱۵۹
۴۱۶۳	۴۱۵۸	۴۱۵۳	۴۱۶۴
۴۱۵۷	۴۱۶۰	۴۱۶۷	۴۱۵۴
۴۱۶۶	۴۱۵۵	۴۱۵۶	۴۱۶۱

یہ تعویز لکھے اور اسم مذکور کو بتعداد اعداد اس کے حسب شرائط پڑھے اور ہر صدی پر یہ آیت اور یہ دعا ۱۹ بار تلاوت کرے۔ اَللّٰہُ لَطِیۡفٌۢ بِعِبَادِہٖ یَرۡزُقُ مَنۡ یَّشَآءُ ۚ وَ ہُوَ الۡقَوِیُّ الۡعَزِیۡزُ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسْئَلُکَ اَنْ تَرْزُقَنِیْ رِزْقًا وَاسِعًا طَیِّبًا مِّنْ غَیْرِ تَعَبٍ وَّلَا نَصَبٍ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ دوئم واسطے برآمد حاجات کے بعد ذکر اسم مذکور کے یہ آیت اور یہ دعا پڑھے اَلَا یَعۡلَمُ مَنۡ خَلَقَ ؕ وَ ہُوَ اللَّطِیۡفُ الۡخَبِیۡرُ۔ اَللّٰھُمَّ اقْضِ حَاجَتِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ باقی ترکیب سب وہی ہے جو اوپر لکھی گئی ہے۔ سوئم واسطے خلاصی محبوس کے بعد ذکر اسم کے یہ آیت تلاوت کرے۔ باقی سب وہی ترکیب ہے۔ اِنَّ رَبِّیۡ لَطِیۡفٌ لِّمَا یَشَآءُ ؕ اِنَّہٗ ہُوَ الۡعَلِیۡمُ الۡحَکِیۡمُ۔ چہارم واسطے چشم پوشی ظالم کے۔ اس میں بعد ذکر اسم مسطور کے اس آیت کی تلاوت کرنا چاہیے۔ باقی سب وہی پچھلی ترکیب ہے۔ لَا تُدۡرِکُہُ الۡاَبۡصَارُ ۫ وَ ہُوَ یُدۡرِکُ الۡاَبۡصَارَ ۚ وَ ہُوَ اللَّطِیۡفُ الۡخَبِیۡرُ۔

خدا کا شکر و احسان ہے کہ ترجمہ سِرُّ الجلیل اور اس کے ضمیمہ کی تحریر سے فراغ حاصل ہوا۔ اب خداوند کریم سے بصد الحاح وزاری عرض ہے کہ وہ مجھ کو اور تمام بھائی مسلمانوں کو تقویٰ و طہارت و توکل عنایت فرمادے اور اپنے حبیب پاک کے طفیل سے خاتمہ بالخیر فرمادے۔ آمین ثم آمین۔

وَاٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی

✽✽✽✽✽✽✽✽✽✽✽

(ڈیلی بزنس پریس ٹمپل روڈ لاہور میں چھپا)

فون نمبر ۲۳۷۵